آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33	بروز پیر 18 اکتوبر 2021ء بمطابق 11 ربیع الاول 1443ھ	شمارہ نمبر 262

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع		
	فجر صبح	05:15
	ظہرین	01:00
	مغربین	7:00

کبھی کسی کو دھرنا دینے سے نہیں روکا، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت لواحقین کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور اس سلسلے میں مذاکرات کو حتمی شکل دی جائیگی بحیثیت وزیراعلیٰ کبھی بھی لوگوں کا گروہوں کو دھرنے دینے سے نہیں روکا ہے

یہاں تک کے میرے گھروں کے ساتھ بھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم جمہوری اصولوں اور آزادی اظہار رائے کو کتنی اہمیت دیتے ہیں میں نے کبھی بھی طاقت کے استعمال کا حکم نہیں دیا ہے

صوبائی حکومت نے کبھی کسی کو دھرنا دینے سے نہیں روکا اور نہ ہی مظاہرین پر طاقت کے استعمال کے احکامات دیئے ہیں ریلیوں اور دھرنوں میں تنازعات ہوجاتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ہوشاپ واقعہ پر حکومت مسلسل رابطے میں ہے مذاکرات کو حتمی شکل دی جائیگی بھی بھی کسی کو دھرنے سے نہیں روکا اور نہ ہی طاقت کے استعمال کا حکم دیا ہے ہم جمہوری اصولوں اور آزادی اظہار رائے کو اہمیت دیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سردار اختر مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ آپ کو غلط بریف کیا گیا ہے حکومت لواحقین کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور اس سلسلے میں مذاکرات کو حتمی شکل دی جائیگی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

ملتان: وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیاسی بحران برقرار، ناراض ارکان نے HDP سے مدد مانگ لی

بلوچستان میں سیاسی بحران برقرار، بلوچستان عوامی پارٹی کے ناراض ارکان نے تحریک عدم اعتماد اور نئی حکومت کی تشکیل کیلئے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی سے مدد مانگ لی

حکومت میں شمولیت سے متعلق فیصلہ پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کرتی ہے جام کمال کی حمایت ہم نے پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے فیصلے کی روشنی میں کیا ہے لہٰذا، ہم جام کمال کے خلاف نہیں جاسکتے

ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے وزیراعلیٰ جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں تعاون سے معذرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم مرکزی سینٹرل کمیٹی کے فیصلے کے پابند ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیاسی بحران برقرار، بلوچستان عوامی پارٹی کے ناراض ارکان نے تحریک عدم اعتماد اور نئی حکومت کی تشکیل کیلئے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی سے مدد مانگ لی تاہم ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے وزیراعلیٰ جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں تعاون سے معذرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم مرکزی سینٹرل کمیٹی کے فیصلے کے پابند ہیں۔ گزشتہ روز بلوچستان عوامی پارٹی کے ناراض ارکان کے وفد نے بانی سینیٹر سعید احمد ہاشمی کی قیادت میں ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ سے ملاقات کی اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو، قائم مقام صدر بی اے پی میر ظہور احمد بلیدی، سردار صالح بھوتانی، محمد خان لہڑی، میر عبدالرؤف رند، میر اعجاز سنجرانی، جبکہ ہزارہ بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، ضیاء لانگو

پی ڈی ایم کے غبارے سے بہت جلد ہوا نکل جائے گی پی ڈی ایم کی تمام قیادت اس کوشش میں لگی ہے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اور صوبائی حکومت اپنی آئینی مدت بھی پوری کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری بیان میں کیا وزیر داخلہ کا کہنا تھا بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان گوادر روانہ ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان گوادر روانہ ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کی جانب سے لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے قائم کمیشن آج سے کوئٹہ میں سماعت کا آغاز کریگا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے قائم کمیشن آج سے کوئٹہ میں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

سوراب، گزشتہ رات کوچھڈ ایریا میں سیاہ کاری کے الزام میں دو افراد کو قتل کر دیا گیا

سوراب (آن لائن) گزشتہ رات کوچھڈ ایریا میں سیاہ کاری کے الزام میں دو افراد کو قتل کر دیا گیا پولیس بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ہرنائی زلزلے میں زخمی ہونیوالا شخص کراچی کے نجی اسپتال میں جان کی بازی ہار گیا

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی میں رواں ماہ کے پہلے ہفتے میں آنیوالے زلزلے میں زخمی ہونیوالا شخص کراچی بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم نے مجھے پورے سندھ کے حوالے سے ذمہ داری دی ہے، ارباب غلام رحیم

سانگھڑ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم نے بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

سماعت سے محروم افراد کے لئے کنسٹری کا اہتمام احسن اقدام ہے، صدر ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان ٹیلی ویژن کی جانب سے بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی پر الزام لگانے سے پہلے شاہ محمود قریشی آئینے کے سامنے کھڑے ہوں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے شاہ محمود قریشی کو جواب دیتے بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

نیب ترامیم پر اپوزیشن سے بات چیت کے لئے اسپیکر قومی اسمبلی کو ٹاسک سونپ دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نیب ترامیم پر اپوزیشن سے بات چیت کے لئے اسپیکر قومی اسمبلی کو ٹاسک سونپ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

نواز شریف نے کرپشن اور لوٹ مار کی قیمت ادا کی ہے، فرخ حبیب

مسلم لیگ (ن) نے تین بار حکومت کے باوجود ایک ڈیم نہیں بنایا، وزیر مملکت

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ نواز شریف نے کرپشن اور لوٹ مار کی قیمت ادا کی ہے، مسلم لیگ (ن) نے تین بار حکومت کے باوجود ایک ڈیم نہیں بنایا۔ پی ڈی ایم رہنماؤں کو جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ہمیں بطور دنیا کی پہلی گرین پریذیڈنسی پذیرائی اور پہچان ملی ہے، عارف علوی

پاکستان کی تعمیر نو میں عوام، میڈیا، کاروباری طبقہ، علماء، حکومت، عدلیہ اور دفاعی قوتوں کا ایک اچھا امتزاج ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر عارف علوی نے کہا ہے کہ ہمیں بطور دنیا کی پہلی گرین پریذیڈنسی پذیرائی اور پہچان ملی ہے۔ ٹویٹر پر اپنے بیان میں عارف علوی نے کہا کہ مکمل طور پر سولر ایک میگاواٹ بجلی جو 143000 درخت لگانے کے برابر ہے، رواں سال دس بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے عمارات پر چراغاں کیا گیا ہے

خضدار کے علاقہ دراکھالہ بیلار میں خسرہ کی وباء پھیلنے سے ایک بچی جاں بحق متعدد متاثر، ہیلتھ کی ٹیم متاثرہ علاقے میں پہنچ گئی

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقہ دراکھالہ بیلار میں خسرہ کی وباء پھیلنے سے ایک بچی جاں بحق متعدد متاثر، ہیلتھ کی ٹیم متاثرہ علاقے میں پہنچ گئی تفصیلات کے مطابق خضدار ودھ کے علاقہ دراکھالہ میں خسرہ پھیلنے سے ایک بچی افراء بنت خان محمد جاں بحق اور متعدد متاثر ہیں، حالیہ دنوں میں ودھ کے متعدد علاقوں میں خسرہ کا بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا عشرہ رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

معاشرے کے تمام افراد ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ منانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل یقینی بن سکیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ معاشرے کے تمام افراد ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ منانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل یقینی بن سکیں۔ گورنر بلوچستان نے تمام متعلقہ ذمہ دار حکام اور لیڈی ہیلتھ ورکرز پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے ٹارگٹ ایریاز میں گھر گھر جا کر بچوں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

حکومت کو عوام کی تکلیف کا احساس ہے، وزیراعظم کا کوئی ذاتی کاروبار نہیں، صرف عوام کا سوچتے ہیں، اسد قیصر

پاکستان افغانستان میں امن کا خواہاں ہے، خطے اور افغانستان کے حالات تیزی سے بدل رہے ہیں، خطے میں امن آنے سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی

40 سال تک افغانستان میں جنگ رہی ہے، ہمارے بجٹ کا زیادہ حصہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کے لیے استعمال ہو رہا تھا، خطاب

صوابی (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت کو عوام کی تکلیف کا احساس ہے، وزیراعظم کا کوئی ذاتی کاروبار نہیں، صرف عوام کا سوچتے ہیں، پاکستان افغانستان میں امن کا خواہاں ہے، خطے اور افغانستان کے حالات تیزی سے بدل رہے ہیں، خطے میں امن آنے سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ اتوار کو ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کورونا کی وجہ سے پوری دنیا میں معاشی طور پر مشکلات ہیں اور خطے کے حالات تیزی سے تبدیل ہو بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

جام کمال کی حکومت عوام کا پیسہ ضائع کر رہی ہے، ظہور بلیدی

ناکام حکومت کے دبئی ایکسپو کے اشتہارات کی مد میں 460 ملین روپے ریلیز کئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت عوام کے پیسے کی ایسی لوٹ کھسوٹ پر نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ کفایت شعاری کے اقدامات اٹھائیگی

بی اے پی کا وفد مخلوط حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں اے این پی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی سے ملاقات کرکے تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کیلئے معاونت طلب کریگا، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر رکن صوبائی اسمبلی میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کا وفد مخلوط حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں عوامی نیشنل پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی سے ملاقات کرکے ان سے تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے لئے معاونت طلب کریگا اور نئی صوبائی حکومت کے قیام کے حوالے سے تبادلہ خیال کریگا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو ایک ٹوئٹ میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ جام کمال خان کی حکومت عوام کا پیسہ ضائع کر رہی ہے ناکام حکومت کے دبئی ایکسپو کے اشتہارات کی مد میں 460 ملین روپے ریلیز کئے گئے ہیں انہوں نے کہا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت نے آئی ایم ایف کی تمام شرائط پہلے مان لیں پھر بھی مذاکرات ناکام ہو گئے، شہباز شریف

مذاکرات کی ناکامی کے بعد حکومت قیمتوں میں اضافہ واپس لے، صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) کا بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے مذاکرات کی ناکامی کے بعد حکومت قیمتوں میں اضافہ واپس لے، حکومت نے مہنگائی پہلے کر دی اور آئی ایم ایف سے مذاکرات بھی ناکام ہو گئے، آئی ایم ایف کی بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سیرت رسول ﷺ ہر عہد کے مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے، آغا ظہور گورنر بلوچستان

اُسوہ حسنیٰ اور تعلیمات رسول پر عمل پیرا ہو کر ہی معاشرے سے عدم برداشت کے رویوں کو ختم کیا جاسکتا ہے

رسول عربی بلند اخلاق کے مالک تھے اور غیر مسلم بھی اُن کو صادق اور آمین کے نام سے پکارتے تھے، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اتوار کے روز عشرہ رحمت للعالمین کے حوالے سے سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا تھے۔ علامہ سید ہاشم موسوی، مولانا انوار الحق حقانی، قاری حفیظ لہڑی اور قاری علم الدین کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا کا عشرہ رحمت للعالمین کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت رسول ہر عہد کے مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر نبی آخرالزماں کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کے حوالے سے ملک بھر میں مختلف تقریبات کا اہتمام روزانہ کیا جارہا ہے اور آج گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ تقریب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ رسول عربی بلند اخلاق کے مالک تھے اور غیر مسلم بھی اُن کو صادق اور آمین کے نام سے پکارتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اُسوہ حسنیٰ اور بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

جوڑ توڑ کرا کے اپوزیشن اپنی سیاسی قبر کھودے گی، شیخ رشید

جی مہنگائی ہے، ہم حالات کا خندہ پیشانی سے سامنا کر رہے ہیں، افغانستان کے حالات کے باعث پاکستان میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ہوا

فوج کو دھوبی گھاٹ چوک چوراہوں میں ڈسکس نہیں کرتے، نواز شریف پلان کرکے لندن گئے، خون کے آنسو رونے کی ضرورت نہیں، وزیر داخلہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ کوئی غلط فہمی میں نہ رہے عمران خان 5 سال پورے کریں گے، جی مہنگائی ہے، ہم حالات کا خندہ پیشانی سے سامنا کر رہے ہیں، افغانستان کے حالات کے باعث پاکستان میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ہوا اور ساری دنیا میں تیل کی قیمتیں بڑھیں جس سے پاکستان بھی متاثر ہوا، جوڑ توڑ کرا کے اپوزیشن اپنی سیاسی قبر کھودے گی، عمران خان خوش قسمت ہیں جن کو نالائق، نااہل اور گھٹیا اپوزیشن ملی، اداروں کے سربراہ کا نام لینا مریم نواز کی کم عقلی ہے، فوج کو دھوبی گھاٹ چوک چوراہوں میں ڈسکس نہیں کرتے، نواز شریف پلان کرکے لندن گئے، خون کے آنسو رونے کی ضرورت نہیں۔ اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ گزشتہ روز فیصل آباد میں مریم نواز کی تقریر سے اگر عمران خان کا نام نکال دیا جائے تو اس میں کیا تھا؟ وہ عمران خان کی انٹی گردان پڑھ رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کہہ رہی تھیں کہ نواز بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وفاقی وزارت قانون کا فوجداری نظام عدل میں اصلاحات لانے کا اعلان، فروغ نسیم

جسٹس ہیلپ لائن کی مسلسل چھٹی جوڈیشل کانفرنس کا انعقاد بہترین کوشش ہے، پروفیسر ڈی این ترمذی، قاضی شیر احمد اور دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) وزیر قانون بیرسٹر فروغ نسیم نے کہا ہے کہ کریمنل ریفارمز سے متعلق تفصیلات جاری کر دیں ہیں، کسی بھی قسم کا فیصلہ 9 ماہ میں دیدیا جائے گا، ماتحت عدالت فیصلہ نہیں دے پائیں گی تو اعلیٰ عدلیہ کے جج کو جواب دینا ہوگا۔ وہ گزشتہ روز کراچی کے مقامی ہوٹل میں جسٹس ہیلپ لائن کے تحت منعقدہ چھٹی نیشنل جوڈیشل کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس ہیلپ لائن کی کارکردگی بہترین ہے اس کی مدد سے نوجوان وکلاء کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فورم سے بہت آگاہی ملی ہے جبکہ نوجوان وکلاء کے مسائل بھی حل ہوتے ہیں۔ انہوں بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف سے مذاکرات ناکام ہونے کی خبروں میں صداقت نہیں، ترجمان وزارت خزانہ

آج ڈالر 170 کا ہے اور پٹرول 138 کا لیٹر ہے پہلے حکومت ٹیکس بہت زیادہ لے رہی تھی آج کم لے رہی ہے جبکہ گندم کے حوالے میں سندھ حکومت نے فیصلے نہیں لئے

سندھ حکومت کے پاس 12 لاکھ ٹن گندم موجود ہے جبکہ عام آدمی کو آٹے میں 20 روپے کا ریلیف مل جائے تو بڑی بات ہوگی، مزمل اسلم کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وزارت خزانہ کے ترجمان مزمل اسلم نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے مذاکرات ناکام ہونے کی خبروں میں صداقت نہیں ہے، معاملہ جہاں تھا وہیں ہے، سیکرٹری خزانہ اور ان کی ٹیم واشنگٹن میں موجود، پیر سے بات چیت دوبارہ شروع ہوگی۔ سندھ حکومت کے پاس 12 لاکھ ٹن گندم موجود ہے جبکہ عام آدمی کو آٹے میں 20 روپے کا ریلیف مل جائے تو بڑی بات ہوگی۔ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر حلیم پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان وزارت خزانہ مزمل بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

میر نصیب اللہ مری سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل کی ملاقات موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر نصیب اللہ مری سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل کی ملاقات موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو پاکستان تحریک انصاف کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر نصیب اللہ مری سے ڈپٹی اسپیکر بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیئرمین پی ڈی ایم سربراہ جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں سیاسی بحران، ناراض اور حامی ارکان کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر دلچسپ مکالمہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیاسی بحران، ناراض اور حامی ارکان کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر دلچسپ مکالمہ، ایک دوسرے کو اپنے اپنے گروپوں میں دیکھنے کی بھی خواہش کا اظہار کر ڈالا۔ گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ناراض بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مظفرگڑھ، گھر میں آتشزدگی کے باعث 7 افراد جھلس کر جاں بحق

جاں بحق ہونے والے بچوں کی عمریں 18 سال سے 2 ماہ کے درمیان ہیں، ذرائع

آتشزدگی کا واقعہ بھی مبینہ طور پر محبوب عرف کالا کے سسرالیوں کی کارروائی ہے، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلئے گئے ہیں، پولیس حکام

مظفرگڑھ (این این آئی) پیر جہانیاں کے علاقے میں گھر میں آتشزدگی کے باعث 7 افراد جھلس کر جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق مظفرگڑھ کے علاقے پیر جہانیاں میں گھر میں آتشزدگی کے باعث 7 افراد جھلس کر جاں بحق ہوگئے، جن کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ جاں بحق ہونے والوں میں ایک مرد، 2 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں، جاں بحق ہونے والے بچوں کی عمریں 18 سال سے 2 ماہ کے درمیان ہیں۔ پولیس کے مطابق ورثہ کے مطابق گھر کے ایک رہائشی محبوب عرف کالا نے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

دو بچوں کی لاشیں پڑی ہیں ریاست کہاں ہیں؟ سردار اختر مینگل

حکومت کا کوئی نمائندہ بات کیلئے نہیں آیا ہے، ریاست اور نام نہاد انسانی حقوق کے کارکن کہاں ہیں؟ یہ دو بچوں کی لاشیں پڑی ہیں ایسا لگتا ہے

تحریک عدم اعتماد آئینی و جمہوری حق ہے کسی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ غیر جمہوری طریقوں سے تحریک عدم اعتماد کو ناکام کرنے کی کوشش کریں، سربراہ بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ دو بچوں کی لاشیں وزیراعلیٰ اور گورنر ہاؤس سے چند منٹ کے فاصلے پر پڑی ہیں حکومت کا کوئی نمائندہ بات کیلئے نہیں آیا ہے ریاست اور نام نہاد انسانی حقوق کے کارکن کہاں ہیں؟ یہ دو بچوں کی لاشیں پڑی ہیں ایسا لگتا ہے کہ جب بلوچستان کی بات آتی ہے تو پھر انسانیت ختم ہوجاتی ہے تحریک عدم اعتماد آئینی و جمہوری حق ہے کسی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ غیر جمہوری طریقوں سے تحریک عدم اعتماد کو ناکام کرنے کی کوشش کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کیا۔ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ عدم اعتماد کی تحریک خواہ مرکز میں یا صوبے میں یہ اس ادارے سے تعلق رکھنے والے منتخب نمائندوں کا بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کی سونامی نے عوام کو گھروں کے سامان کی نیلامی پر مجبور کر دیا، سراج الحق

نااہل حکومت کی وجہ سے مہنگائی، بے روزگاری کی یلغار عوام پر حملہ آور ہیں، آئی ایم ایف کی غیر مشروط غلامی نے حکومت کو بے وقار کر دیا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سونامی نے عوام کو گھروں کے سامان کی نیلامی پر مجبور کر دیا، جان لیوا مہنگائی کی تحریک پر وفاقی وزراء شرمندگی کی بجائے عوام کا مذاق اڑا رہے ہیں، نااہل حکومت کی وجہ سے مہنگائی، بے روزگاری، کرپشن یک بارگی عوام پر حملہ آور ہیں، آئی ایم ایف کی غیر مشروط غلامی نے حکومت کو بے وقار کر دیا ہے، وزیراعظم آئی ایم ایف کی ہدایت پر عوام کے خون پسینے سے کمائی گئی ایک ایک پائی نچوڑنا چاہتے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

فیصل آباد: وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

تیل کی درآمد کا بل رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 97 فیصد بڑھ کر 4.59 ارب ڈالر ہو گیا

خوراک کی درآمد کا بل رواں مالی سال کے پہلے تین مہینوں میں 03.38 فیصد سے بڑھ کر 36.2 ارب ڈالر ہو گیا، رپورٹ

لاہور (این این آئی) ملک کے تیل کی درآمد کا بل رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 97 فیصد بڑھ کر 59.4 ارب ڈالر ہو گیا جو گزشتہ سال کے اسی مہینوں میں 32.2 ارب ڈالر تھا۔ پاکستان شماریات بیورو کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی درآمد میں 21.93 فیصد اور 86.10 فیصد مقدار میں اضافہ ہوا ہے۔ خام تیل کی درآمدات میں 15.81 فیصد اضافہ ہوا جبکہ مائع قدرتی گیس کی قیمت میں 02.144 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا ستمبر مالی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

شوکت ترین کے بطور وزیر خزانہ 6 ماہ کے عرصے میں ملک بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

وزیراعظم عمران خان نے شوکت ترین کو بطور وزیر خزانہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کا ٹاسک دیا تھا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شوکت ترین کے بطور وزیر خزانہ 6 ماہ کے عرصے میں ملک بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق شوکت ترین کی بطور وفاقی وزیر خزانہ 6 ماہ کی مدت مکمل ہوگئی ہے اور اس عرصے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی دستاویز کے مطابق 6 ماہ کے عرصے میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا اوسط 210 روپے 5 بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بجلی پیٹرول کی قیمتیں بڑھانے کے باوجود آئی ایم ایف کا پاکستان سے ڈومور کا مطالبہ

نیویارک / اسلام آباد (این این آئی) بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کے باوجود پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے درمیان سمجھوتہ نہ ہوسکا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی اور بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت نے عوام کو دھوکہ دیا اور آئی ایم ایف کو بھی چکر دیا، شہباز شریف

عمران خان نیازی 'آئی ایم ایف نہیں جاؤں گا، خودکشی کروں گا' کے نعرے لگاتے تھے، آئی ایم ایف سے مذاکرات کی ناکامی کے بعد حکومت قیمتوں میں اضافہ واپس لے

حکمران ٹولے کی بڑھتی ہوئی عوام دشمن اور بے حسی پر مبنی پالیسیوں کے سنگین مضمرات انتہائی پریشان کن ہیں، اپوزیشن لیڈر کا بیان

لاہور / اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکمران ٹولے کی بڑھتی ہوئی عوام دشمن اور بے حسی پر مبنی پالیسیوں کے سنگین مضمرات انتہائی پریشان کن ہیں۔ اپنی ٹویٹ میں شہباز شریف نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت اپنی نااہلی کے نتیجے میں مسلسل مایوسی و انتشار پھیلا کر ریاست اور اس کے شہریوں کے درمیان رشتے کو کمزور کر رہی ہے، یہ بہت ہی خطرناک صورتحال ہے اور حکمران ٹولے کی بڑھتی ہوئی عوام دشمن اور بے حسی پر مبنی پالیسیوں کے سنگین مضمرات انتہائی پریشان کن ہیں۔ دریں اثناء آئی ایم ایف سے مذاکرات کی ناکامی کے بعد اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ عمران خان نیازی 'آئی ایم ایف نہیں جاؤں گا، خودکشی کروں گا' کے نعرے لگاتے تھے، نواز شریف کی قیادت بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کیا دنیا صرف بھارتی بربریت پر مذمت تک محدود رہے گی؟ مشعال ملک

لاہور (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ کیا عالمی برادری بھارتی ظلم و بربریت پر صرف مذمت تک محدود رہے گی، اکتوبر کے مہینے میں بھارتی فوج نے 16 کشمیریوں کو شہید کیا اور پانچ کشمیری صحافیوں کو تشدد کے بعد بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

اب ہم فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں، مریم نواز

جب ووٹ کو عزت نہیں ملتی تو ایسے حکمران مسلط کر دیے جاتے ہیں جنہیں صرف اپنی کرسی کی فکر ہوتی ہے، کنونشن سے خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ ہم نازک وقت میں داخل ہو رہے ہیں، ہمیں اپنی پارٹی کے لئے نہیں ملک کے لئے آگے بڑھنا ہوگا اور اب ہم فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں۔ حویلیاں میں مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا کنونشن سے مریم نواز شریف نے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ووٹ کو ردی کے ٹکڑے کی طرح مسل دیا جاتا ہے، شاید 74 سال میں مہنگائی اتنی نہیں ہوئی جتنی آج ہے، نواز شریف کے دور میں بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس: پاکستان 33ویں نمبر پر آگیا، مزید 17 افراد چل بسے

ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 26 ہزار 237 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 1 ہزار 958 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 720 کیسز سامنے آئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 720 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 17 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 1 ہزار 440 مریض شفایاب ہو گئے، مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 6 فیصد پر آ گئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 269 مریض انتقال کر چکے ہیں بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کسٹمز نے ایف سی کے ساتھ مل کر منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 36 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کسٹمز نے ایف سی کے ساتھ مل کر منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 36 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کسٹمز اور تفتان ایف سی نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 36 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی ہے۔ نوشکی کسٹمز چیک بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: بلوچستان عوامی پارٹی کا ایک وفد صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم کھوسہ سے انکی بھابھی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہا ہے

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

18 اکتوبر 2021ء

6ماہ کے عرصے میں ملک بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شوکت ترین کے بطور وزیر خزانہ 6 ماہ کے عرصے میں ملک بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق شوکت ترین کی بطور وفاقی وزیر خزانہ 6 ماہ کی مدت مکمل ہوگئی ہے اور اس عرصے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی دستاویز کے مطابق 6 ماہ کے عرصے میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا اوسط 210 روپے 5 پیسے مہنگا ہوا، چینی کی فی کلو قیمت میں اوسط 3 روپے 23 پیسے اضافہ ہوا، گھی کی قیمت 6 ماہ میں فی کلو 46 روپے 73 پیسے بڑھی، مٹن 101 روپے 7 پیسے، بیف 62 روپے 2 پیسے فی کلو مہنگا ہوا۔ نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں دستاویزات کے حوالے سے بتایا کہ دہی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے 19 پیسے کا اضافہ ہوا، دال مسور 25 روپے 74 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں انڈے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے دور میں پیاز 16 روپے 27 پیسے، ٹماٹر 11 روپے 38 پیسے، آلو 7 روپے 59 پیسے فی کلو اور لہسن کی فی کلو قیمت میں 102 روپے 54 پیسے کا اضافہ ہوا، ایل پی جی کا گھریلو سلینڈر 6 ماہ میں 802 روپے 5 پیسے مہنگا ہوا، گڑ کی فی کلو قیمت 17 روپے 24 پیسے بڑھی، تازہ دودھ کی فی لیٹر قیمت میں 4 روپے 55 پیسے کا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق وزیر خزانہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے عرصے میں دال مونگ 65 روپے 23 پیسے دال ماش 16 روپے 86 پیسے کلو سستی ہوئی، دال چنا کی فی کلو قیمت 2 روپے 8 پیسے کم ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں زندہ مرغی فی کلو 7 روپے 32 پیسے سستی ہوئی۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے شوکت ترین کو بطور وزیر خزانہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کا ٹاسک دیا تھا، حکومتی ارکان نے حفیظ شیخ کی وزیر خزانہ کے عہدے سے ہٹانے کی وجہ مہنگائی قرار دی تھی۔ لیکن اب دیکھنا یہ ہے کہ حکومت اس مہنگائی کے جن کو قابو کر پائے گی یا نہیں کیونکہ ان حالات میں عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔

آ وارض وطن سے عہد وفا کریں

مہر محمد حسنین ہراج

کہتے ہیں جب اہل علم و دانش بے مول ہو جائیں تو جاہل عروج پاتے ہیں جب صاحبان توقیر معاشرے سے کنارہ کش ہو جائیں تو غنڈے دندناتے پھرتے ہیں جب اہل حق کے لب اظہار پہ تالے لگ جائیں زبان بندی ہو جا تو اوباش آستینیں چڑھاتے ہیں۔ آج ہم اگر اپنے گریبانوں میں جھانکیں تو ملک پاکستان میں مذکورہ بالا حالات کی گونا گوں جھلک ہے بے ہنگم سا ایک شور بپا ہے۔ نہ کوئی ترتیب ہے نہ کوئی ترکیب ہے نہ کوئی تدبیر ہے نہ کوئی تعبیر ہے۔ نہ کوئی مدبر ہے نہ کوئی تدبر ہے نہ کوئی محرک ہے نہ کوئی تحرک ہے نہ کوئی فکر ہے نہ کوئی مفکر ہے۔ ہم بالکل پٹڑی سے اتر چکے ہیں ہمارا نہ کوئی مشن ہے نہ کوئی منشور ہے نہ کوئی نظریہ ہے نہ کوئی منزل ہے۔ ملک میں نہ کوئی بامعنی سیاست ہے نہ کوئی جمہوریت ہے۔ یہ تو اللہ پاک کا ہمارے اوپر احسان عظیم ہے۔ کہ ہم ان گھمبیر حالات میں بھی قائم و دائم ہیں۔ بانی ملک قائد اعظم محمد علی جناح آپ قیام پاکستان کے تھوڑے عرصے بعد ہی خالق حقیقی سے جا ملے۔ اور نومولود پاکستان اپنی ابتدائی نظریاتی و تعمیراتی نشونما سے محروم ہو گیا بہرحال اس عظیم لیڈر کے سفر آخرت کر جانے سے قوم کی امیدیں نواب لیاقت علی خان پر بندھیں لیکن آپ بھی سامراجی واستعماری قوتوں کے انتقام کا نشانہ بنے اور شہید کر دیئے گئے۔ ان دونوں رہنماؤں کے رخصت ہو جانے کے بعد نہ صرف ایک سوگواری کا عالم پیدا ہو گیا بلکہ قوم کے سروں سے شفقت پدری کا سایہ اٹھ گیا اور بدقسمتی سے ملک ان لوگوں کے ہتھے چڑھ گیا جو برطانوی استعمار کے تابعدار اور پالے پوسے راتب پہلوان تھے۔ پھر یوں ہوا کہ سیاست میں مولا جٹ اور نوری نت اسٹائل نے زور پکڑا اور عوام دو چکی کے پاٹوں میں پسنا شروع ہو گئے۔ جو سلسلہ تاحال جاری ہے بلکہ اب زوروں پر ہے۔ وڈیروں اور سرمایہ داروں کی سیاسی غلامی پر کمربستہ اس قوم سے بہر صورت ایک گلہ ضرور بنتا ہے۔ کہ پاکستان کے وجود کو آج 74 سال ہو گئے اور ہم تیسری نسل میں داخل ہو چکے ہیں۔ لیکن ہم نے بطور ایک قوم کبھی سنجیدگی سے نہیں سوچا آج آپ دیکھ لیں محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا حشر کیا ہوا بجائے اس کے کہ آپ کو کسی بڑے حکومتی عہدے پر فائز کیا جاتا اور آپ کی صلاحیتوں سے استفادہ حاصل کیا جاتا الٹا آپ کو قید و بند کی صعوبتوں سے نوازا گیا

"گزر تو خیر گئی ہے تیری حیات قدیر"
"ستم ظریف مگر کوفیوں میں گزری ہے"

یہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا شعر ہے جس میں شکوے کی جھلک نمایاں نظر آتی ہے۔ گزشتہ دنوں آپ کا انتقال پر ملال جس کسمپرسی کے عالم میں ہوا وہ داستان غم کسی سے ڈھکی چھپی نہیں سرکاری سطح پر آپ کے جسد خاکی کو جن اعزازات کیساتھ دفنایا گیا وہ ناقابل بیان قصہ ہے۔ وزیر اعظم تو در کنار اپوزیشن لیڈر سمیت اعلی حکومتی عہدیداروں نے بھی جنازے میں شمولیت اختیار نہ کی۔ ہماری قوم کا یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ ہم اپنے محسنوں کی جیتے جی قدر نہیں کرتے ان کی زندگی میں ان کا خیال نہیں رکھتے مرنے کے بعد وہ ہمارے ہیرو کہلاتے ہیں یا یہ بے عقل و شعوری کی یہ بے فہم و ادراک کی کمی یہ ہے مثبت رویوں کی کمی ہمارے رول ماڈل اور جان من وہ افراد بن چکے ہیں جو سیاست و جمہوریت کے ماتھے پر دھبہ ہیں۔ جن کے رویوں میں گنڈاسہ طرز کی آمریت نمایاں ہے۔ وہ لوگ اپنے قلوب و اذہان میں قومی خیر خواہی کا عنصر نہیں رکھتے جن کی سیاسی دکانداری لوٹ کھسوٹ پر مبنی ہے۔ اب جیسے 2023ء کے الیکشن میں حصہ لینے کیلئے پھر ایک نئے سرے سے سیاسی ڈنڈ بیٹھکوں کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ پرانے وقتوں کی بات ہے ایک گاؤں میں چند لوگ رات کو پہرہ دیا کرتے تھے۔ اور گاؤں میں اکثر رات کو چوری ہو جایا کرتی تھی لوگ بڑے پریشان تھے ایک رات چور پکڑے گئے چوروں کو دیکھتے ہی گاؤں والے ششدر و پیچ میں مبتلا ہو گئے اس لئے کہ وہ پہرے دار تھے۔ اگلے دن گاؤں کے چوک میں پنچائت نے بیٹھک لگائی کافی بحث و مباحثے کے بعد گاؤں کے سرپنچوں نے جو فیصلہ دیا وہ بڑا عجیب تھا کہ اس مرتبہ ان چوروں کو معافی دی جا اور ان پہریداروں کو بدلا بھی نہ جا البتہ رات کو ان کی نگرانی پر چند لوگوں کا تقرر کر دیا جا۔ بڑے معذرت خواہانہ لہجے کیساتھ میں یہ بات کہنے پر مجبور ہوں کہ آج پاکستان میں بھی کچھ اسی طرح کے فیصلے محفوظ ہو رہے ہیں۔ ملکی خزانے پر شب خون مارنے والوں کو سخت سزائیں دینے کی بجا ڈیل ڈھیل سے نوازا جا رہا ہے انہیں مسند اقتدار پر دوبارہ بٹھانے کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔ انہیں تاج شاہی پہنانے کے خواب دکھا جا رہے ہیں۔ بالفاظ دیگر ان کے بغیر ریاستی مشینری کا چلنا محال ہے۔ ان کے بغیر ملکی ترقی و خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا ان کے بغیر مہنگائی کا دیو قابو میں نہیں کیا جا سکتا ان کے بغیر عوام اپنی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اگر یہ سب کچھ ان چلے ہوئے کارتوسوں کے بغیر ممکن نہیں تو آج ملک و قوم کو جن نامساعد حالات کو سامنا ہے۔ ان کا ذمہ دار کس کو ٹھہرائیں وطن عزیز کی تباہی و بربادی کا موجب وہ کون لوگ ہیں کیا عمران خان ملکی سیاست و حکومت پر پچھلے 32 سالوں سے قابض ہے کیا عمران خان کی سابقہ غلط پالیسیوں کے سنگین نتائج کا آج قوم کو سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اگر جواب نہیں میں ہے تو پھر ملکی تباہی و بربادی کی ذمہ داری موجودہ حکومت سے زیادہ سابقہ حکومتوں پر عائد ہوتی ہے۔ اور سابقہ حکمرانوں کے تجاہل عارفانہ کا آج خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت بھی درپیش مسائل کو حل کرنے میں بظاہر ناکام نظر آتی ہے مگر اس حکومت کو مکمل ذمہ دار ٹھہرانا یہ ناانصافی ہوگی۔ آ وارض وطن سے عہد وفا کریں کہ ہم مستقبل میں سیاسی شخصیت پرستی کی حامل سوچ کو بیزاری کے جنگلوں میں دفن کریں گے۔ ہم اپنے چھوٹے مفادات سونگ سڑک نالی سیکلی سے بالاتر ہو کر ملکی مفاد میں فیصلے کریں گے۔ ہم جنہیں پہلے آزما چکے اب انہیں دوبارہ نہیں آزمائیں گے۔ کیونکہ مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا ہم اپنے محسنوں اور حقیقی لیڈروں کی قدر ان کی حیات میں ہی کریں گے اس سے پہلے کہ ایک اور ڈاکٹر عبدالقدیر دفنا دیا جا ہمیں ہوش کے ناخن لینے ہونگے اللہ پاک ہم سب کو اپنے حقیقی لیڈر کی پہچان کروا آمین

بستی ارائیاں اور واپڈا

روبیل اکبر

جمہوری حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ لوگوں کو بہتر سہولیات فراہم کرے خاص کر دیہاتی علاقوں میں رہنے والوں کو زیادہ سے زیادہ آسانیاں فراہم کی جائیں کیونکہ وہیں سے ہمیں روٹی کھانے کے لیے گندم اور سالن پکانے کے لیے سبزی اور دالیں ملتی ہیں چائے میں ہم جو چینی استعمال کرتے ہیں اور جس گنے سے چینی حاصل کی جاتی ہے وہ گنا بھی دیہاتوں میں اگایا جاتا ہے ہمارے کسان جتنے محنتی اور انتھک ہیں اتنے ہی ہم شہری لوگ کاہل اور سست ہوتے ہیں ہم نے سامنے والی مارکیٹ میں بھی جانا ہو تو گاڑی یا موٹر سائیکل پر جاتے ہیں ایک میل کا پیدل سفر نہیں کر سکتے اور ہمارے گاؤں کے لوگ کئی کئی میل پیدل چل لیتے ہیں زرعی اجناس کو منڈیوں تک لانے کے لیے حکومت سڑکیں بناتی ہے بہتر طبی سہولیات کے لیے بی ایچ یو بنائے جاتے ہیں اور بجلی پہنچانے کے لیے لمبی لمبی لائنیں بچھائی جاتی ہیں میرا تعلق بھی گاؤں سے ہے اور ہماری عمر کے لوگوں نے وہ وقت بھی دیکھا ہوا ہے جب بجلی کا نام نشان نہیں ہوتا تھا لالٹین اور دیے کا دور ہوتا تھا۔ اس دور میں شہر میں بتیاں گننے کا لطیفہ بڑا مشہور ہوا کرتا تھا بہاولپور کے ساتھ ہیڈ راجکاں اور اس سے تھوڑے ہی فاصلے پر چک 36/DNB ہے جہاں پر میں نے ہوش سنبھالی میری والدہ اللہ تعالی انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے (آمین) اپنے گھر ساہیوال سے جب گاؤں کے لیے روانہ ہوتی تو ہم تینوں بھائی اور بہن شازیہ پلیٹ فارم سے اباسین ایکسپریس میں بیٹھتے اور ڈیرہ نواب صاحب احمد پور شرقیہ ریلوے اسٹیشن پر اتر جاتے صبح سے شروع ہونے والا یہ سفر شام تک جاری رہتا پھر وہاں سے گاؤں جانے کے لیے بس پر بیٹھتے جو رات گئے ہمیں گاؤں کے باہر جرنیلی سڑک پر اتارتی وہاں سے پھر تاریک لائنوں کی روشنی میں ہمارے ماموں چوہدری ارشاد اور چوہدری اعجاز ہمیں گھر لے کر آتے (دونوں اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں اللہ تعالی انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے آمین) جہاں ہم سکول کی چھٹیاں گذارتے اس علاقے میں زمینی پانی نمکین ہونے کی وجہ سے کھال اور نہر کا پانی کنویں میں ملا کر پیا جاتا تھا بجلی کا نام و نشان نہ تھا اور طبی سہولیات کے لیے کوئی ہسپتال بھی نہیں تھا مگر زندگی بڑی خوشحال تھی پرسکون تھی اور رشتے بھی پائیدار تھے جیسے جیسے ترقی کا سفر شروع ہوا ہم نے اپنے راستے بدل لیے پیسے کمانے کی دوڑ میں ہم اتنے آگے نکل گئے کہ رشتوں کی پہچان کھو گئے ترقی کے اس سفر میں کرپشن کو ہم نے اپنا ساتھی بنا لیا اور لوٹ مار کا بازار گرم ہو گیا۔ شہروں میں کرپشن کے قصے عام ہو گئے تو دیہاتوں میں بھی لوٹ مار شروع کر دی گئی ابھی پچھلے دنوں گاؤں میں میری نانی کا انتقال ہوا تو میں گاؤں چلا گیا واپسی پر بہاولپور میں منظور گیلانی صاحب لاہور سے پہنچ گئے پھر ہم دونوں رحیم یار خان چلے گئے جہاں پر اختر ملتانی کے ساتھ فیروزہ، خان پور، بستی ارائیاں سمیت بہت سے دیہی علاقوں میں گئے ایک رات ہم نے فیروزہ میں جام عاصم کے گھر بھی گذاری جہاں دیسی گندم کی روٹی نے بہت مزہ دیا جب ہم بستی ارائیاں گئے تو وہاں کے سادہ لوح لوگوں کے ساتھ بھی لوٹ مار کا بازار گرم تھا آپ صرف ایک محکمے کا اندازہ لگا لیں کہ انکے اہلکار کیسے لوٹ مار کرنے میں مصروف ہیں باقی کے 36 محکموں کا کیا حال ہوگا۔ پورا گاؤں صرف ایک شخص سے تنگ تھا افضل نامی یہ شخص واپڈا میں معمولی ملازم ہے مگر اس نے پورے علاقے کی ناک میں دم کیا ہوا ہے اس کے کارناموں سے محسوس ہوتا تھا کہ ایکسین واپڈا اور ایس ڈی او واپڈا کی تعیناتیاں وہی کرتا ہے پورے علاقے سے پیسے اکٹھے کرتا ہے جسکی چاہتا ہے بجلی بند کر کے میٹر اتروا دیتا ہے جسے چاہتا ہے ڈائریکٹ بجلی کی لائن لگوا دیتا ہے پورا علاقہ تنگ ہے مگر کسی بھی افسر کی کیا مجال ہے جو اسکے کسی کام میں رکاوٹ ڈالے اسی طرح وہاں کی پولیس ہے جو قابو سے باہر ہے تھانے کیا ہیں عقوبت خانے ہیں اسی طرح باقی محکمے ہیں جو عوام کا سانس نکلنے نہیں دے رہے حکومت جتنی کوشش کرتی ہے اس نظام کو درست کرنے کی یہ کرپٹ ملازمین اسے اتنا ہی ناکام بنانے پر تلے ہوئے ہیں مقامی ایم پی اے اور ایم این اے کا رویہ دیکھ کر ایسے لگتا ہے کہ یہ بھی اسی مافیا کا حصہ ہیں آپ اندازہ لگائیں (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر بجلالدینی۔ سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

ختم نبوتؐ ہمارا ایمان ہے!!! (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

وہ جعلی (ظلی یا بروزی) نبوت کا دعوی کر لیتے۔ حضرت عیسیٰؑ کے رفع آسمانی کے بعد طویل درمیانی عرصہ میں (سینکڑوں سال کے وقفہ کے باوجود) انہیں یہ گمراہ دھندہ کرنے کی نہیں سوجھی۔ اللہ تعالی کے نظام ابتلاء کی حکمت ہمارے ادراک و شعور سے بالاتر ہے کہ خاتم الانبیاء ﷺ کے آخری دور میں دو کذابوں (مسیلمہ کذاب، اسود عنسی) نے شیطانی فکر کو اس حوالے سے پروان چڑھانے کی کوشش کی تو خطرناک انجام سے دوچار ہوئے۔ اس کے بعد کئی دیگر کذاب (جعلی نبی) آئے۔ ہر ایک کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ تاریخ کا حصہ ہے (اس کی نشاندہی بھی خود امام الانبیاء ﷺ نے فرما دی تھی)۔ اب بھی یہود و نصاریٰ کو آمد مسیح موعود کے حوالے سے اپنے اپنے اعتقادی نظریات کے موجود ہونے کے باوجود ایسی گستاخانہ جرأت اب تک نہیں ہو سکی کہ وہ بھی تاویلی درجہ میں کسی ظلی، بروزی کی چھوٹی سے چھوٹی کھڑکی کھول لیتے۔ افسوس کہ اس مکروہ دھندہ (جعلی نبوت اور نظریاتی و اعتقادی گمراہی) کی کالک اسی آخری اُمت کے بدفطرت اور باطل الفکر مرتدین لوگوں کے مقدر میں لکھی تھی کہ وہ نئے نئے عنوانات سے جعلی نبوت کے مکروہ دھندے کا کاروبار کھولتے رہتے ہیں (معاذ اللہ)۔ یہ بھی انہی فتنوں کا حصہ ہے جس کی خبر خود خاتم الانبیاء ﷺ دے گئے۔ فتنے تو بہرحال فتنے ہی ہوتے ہیں، کچھ جلد اور کچھ دیر سے جا کر ختم ہوتے ہیں اس لیے یہ اشکال ذہن میں نہ لایا جائے کہ قادیانی فتنہ کیوں طوالت اختیار کر گیا اور جلد اپنے منطقی انجام تک کیوں نہیں پہنچ گیا۔ فتنوں کی شکل بدلتی رہے گی، عنوان بدلتے رہیں گے مگر یاد رکھیں آخری دور (قرب قیامت والا) فتنوں سے لبریز دور کہلاتا ہے، اس لیے فتنوں سے دور رہنے کا سب سے صاف راستہ یہی ہے کہ اعمال صالحہ کی تربیت حاصل کرتے رہیں تا کہ باطل الفکر لوگوں کی نظریاتی گمراہی سے محفوظ رہ سکیں۔

شکریہ نوائے وقت

نئے لوگ، پرانے نظام

جعفر قیصرانی

کیا ایسا نہیں کہ ہم سب کا کوئی نا کوئی ایسا سرکاری کام ضرور ہے، جس کے مکمل ہونے کا آپ کو پچھلے چند ماہ سے انتظار ہے؟ یا آپ نے انٹرمیٹرک سے ماسٹرز تک کے طلباء و طالبات کو نوکری کیلئے درخواستیں جمع کرتے اور انہیں نوکریوں کی ٹیسٹ اور انٹرویو کے لیے چھ آٹھ یا بارہ مہینہ انتظار کرتے ہوئے دیکھا ہوگا۔ کئی بار تو پیچ پا ہو کر سرکاری کاموں کو انجام تک نا پہنچنے پر بے چارے افسروں کو گالیاں ملتے سنا بھی ہوگا۔ بلکہ دی بھی ہوں گی؟ مگر کوئی یہ نہیں سوچتا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ جو کام چند دنوں یا گھنٹوں میں ہو سکتی ہے وہ سالہا سال مکمل ہونے کا نام تک نہیں لیتا؟ کوئی شک نہیں کہ آج اور اب بھی آپ کی کوئی سرکاری کام اپنے انجام تک پہنچنے کے لئے اپنی وقعت اور اہمیت کھو کر انتظار سے دم توڑ رہا ہے؟ آپ بھی سوچ رہے ہونگے کہ ایسا نہیں ہونا چاہئے تھا مگر ہو کیوں رہا ہے؟ ٹیکنالوجی کے اس زمانے میں جہاں پلک جھپکتے ہی انسان میلوں کا سفر طے کر چکا ہوتا ہے، جہاں اب مہینوں کے کام دنوں میں اور دنوں کے کام گھنٹوں اور منٹوں تک ہی محدود ہو کر رہ گئی ہو وہی ہم ٹیکنالوجی کے اس دور جدید میں تیز ترین، ترقی یافتہ اور خوشکن ٹیکنالوجیکل دائرے سے باہر آج بھی مر مر کے کسی ایسے کام کے ہونے کی انتظار کرتے ہیں جو انجام تک پہنچنے سے پہلے ہی شاید اپنی اہمیت بھی کھو بیٹھی ہو! کیا آپکو بھی ایسا نہیں لگتا کہ سرکاری اداروں کے بجائے پرائیویٹ ادارے ہمارے لئے مفید اور کارگر ثابت ہو رہے ہیں؟ ہمیں سترہ گریڈ کے آفیسر سے زیادہ پندرہ ہزار روپے پہ کام کرنے والا ایک شوخ و شنگ لڑکے کی خدمات حاصل کرنے میں خوشی محسوس ہوتی ہوگی جس پر عوام الناس کی خدمت گزاری کا ذمہ اور فرض بھی تو نہیں۔ مگر پھر بھی ہمیں سرکاری اداروں سے زیادہ پرائیویٹ اداروں سے خدمات حاصل کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔ آج پتہ لگتے ہی لگا کہ ہمیں سرکاری دفتروں سے گِھن کیوں آنے لگتی ہے، کیونکہ جہاں جو کام تین دنوں میں ہو سکتی ہے وہی کام یا کاغذات سرکاری دفاتر میں مہینوں دھول اور مٹی میں چھپی کسی آفیسر کی ہاتھوں دستخط ہونے کا منتظر ہوتی ہے جو دفتر میں موجود بھی ہے مگر کسی غیر روح دار جسم کی طرح جو کسی کام کا نہیں ہوتا۔ گوسٹ اسکولوں، ہسپتالوں اور کالجوں کی طرح گوسٹ دفاتر بھی کیوں نا کہا جائے جن میں لوگ یا تو موجود نہیں ہوتے یا تو موجود ہو کر کسی کام کے بھی نہیں ہوتے۔

یہ ستمبر 2019 کی بات ہے جب کوئٹہ سے کسی دوست کی فون کال موصول ہوئی جنہوں نے یہ ذمہ داری لگا کر فون کال بند کر دیا کہ جس یونیورسٹی میں آپ پڑھتے ہیں وہاں کسی کی داخلے کیلئے فارم بھر کر مجھے سلپ بھجوا دینا۔ خیر کام کر کے سلپ بھجوانے جب بازار پہنچا تو خیال آیا کہ کیوں نا چار سو بچا کر صرف پچاس روپے میں سرکاری پوسٹ آفس سے ہی کاغذات بھجوا دیا جائے، پوسٹ آفس اس خدمت کیلئے ہی تو بنی ہے پھر ٹی سی ایس کیوں؟ سوچا کام بھی ہو جائے گی اور اسٹوڈنٹ لائف میں پیسے بھی بچت کر پا ہونگا۔ مگر یقین مانے دو سال گزرنے کے باوجود وہ کاغزات کسی سرکاری آفیسر کی کھوکھلی میں اسکی دستخط کے انتظار میں ہمیں ملنے سے رہ ہی گئے۔ دو سال بعد اب بھی خیال آتا ہے کہ کاش وہ چار سو کا خیال رکھے بغیر ٹی سی ایس سے کاغزات بھجوا دیتا تو نا مجھے اتنی طویل انتظار کرنا پڑتا اور نا ہی ان بچارے کاغزات کو دھول چاٹنے کی ضرورت ہوتی۔

اس ملک کا سرکاری نظام ایسی فرسودہ، دقیانوسی اور بے کار ہے کہ کاغزات، آرڈرز، پیسے یا کچھ بھی اپنا معیار اور اہمیت کھو بیٹھے گا مگر مجال کہ سیدھی وقت پر اپنے موصول کرنے والے کے ہاتھو لگ جائے، جب کوئی شے ضرورت کے وقت میسر نہ ہو اسکے بعد میں ملنے یا نا ملنے کا کیا فائدہ؟ ایسا ہی کچھ ملک کے اصل اثاثہ جات یعنی 64 فیصد نوجوانوں کے ساتھ ہے جنہوں نے نوکریوں کے لیے درخواستیں جمع کر کے ایک، دو اور پھر تین برس تک انتظار کرنے کا بھی سوچ کر رکھنا ہوگا کہ شاید کبھی ان نوکریوں کا اتا پتہ ہو، شاید اس نوکری کے لئے اسے بلا لیا جائے یا پھر بھلا ہی لیا جائے! یا پھر اتنی دیر لگا دی جائے کہ اسے ہی اس نوکری کو بھلانے پر مجبور کیا جائے۔ ایک دوست کہہ رہیں تھے کہ اس کے کمائی سے زیادہ ہزاروں روپے تو صرف نوکریوں کیلئے کاغزات جمع کرنے صرف ہوئے ہیں۔ تو بلا یہ کونسی نظام ہے جو نوکری تو نہیں دیتی مگر جیب میں رکھیں چار آنے پر مشتمل پیسوں کو بھی نہیں چھوڑتا۔

کیا پرائیویٹ اداروں کی طرح سرکاری طور پر بھی ٹیکنالوجی اور کمپیوٹنگ سسٹم رائج نہیں کیا جا سکتا؟ اس دور جدید میں جہاں دنیا ٹیکنالوجی سے بائیونک کی طرف قدم بڑھا رہی ہے اور ہم وہی دقیانوسی زمانے کے رجسٹرز پر چار لکیریں کھینچ کر لوگوں کا نام لکھتے جاتے ہیں جس کے بعد پتہ نہ نام بھی مٹی کے ڈھیر تلے زیر ہو جاتے ہے اور رہ جاتا ہے تو بس انتظار۔ عوام کی جان تو مہنگائی، بےروزگاری اور سیاست میں رکھی خالص جھوٹ نے نکال دی ہے اور اوپر سے یہ ادارے، انتظار اور وہ نظام جس میں بیٹھے لوگوں کو خود بھی اس سے گِھن آنے لگتی ہے۔

اگر ہمارے ادارے ٹیکنالوجی کے استعمال کے ساتھ ٹھیک سے آگے بڑھے اور نئے نظام متعارف کروائے، تبدیلی کے ساتھ ہی خود کو بدل دیں تو شاید یہ ملک کی مستقبل کیلئے ایک انوکھی تدبیر ثابت ہو۔ وگرنہ حکمران سوتے رہیں، آفیسر حضرات گوسٹ دفتروں میں نخریں دکھائے اور عوام انتظار میں گالم گلوچ کرتے ہوئے تھکے ہارے زندگی بسر کریں۔۔ کسی کو کیا فرق پڑتا ہوگا! کسی کا کچھ بھی تو نہیں بگڑتا نا!

افغانستان

میر افسر امان

افغانستان اپنی قدیم سرحدوں کے ساتھ موجود ہے۔ کسی زمانے میں اس میں پاکستان کا خیبر پختونخواہ صوبہ بھی شامل تھا۔ افغانستان میں دریائے آمو کے شمال میں وسط ایشیا کی مسلمان ریاستیں ہیں جو روس نے عثمانی ترکوں سے چھینی ہے۔ جو روس کی شکست کے بعد آزاد ہو گئیں۔ ان ہی میں سے ایک چیچنیا بھی ہے جہاں امام شامل نے روس کے ساتھ ساٹھ سال تک مذاحمت کی تھی۔ بعد میں بھی اس کے پوتے جنرل دوادوف نے بھی اسی سنت پر عمل کیا اور روس سے چیچنیا کو آزاد کرنے کے لیے روس سے لڑتا رہا۔ روس اور امریکا نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سازش سے ایک ٹیلیفونک پریس کانفرنس میں میزائیل مار کر شہید کیا تھا۔ انتہائی شمال میں واخان چین روس اور ریاست جموں کشمیر ہے۔ مشرق اور جنوب میں پاکستان ہے۔ مغرب میں ایران واقع ہے۔ افغانستان میں زرتشت، سکندر اعظم، اشوک کنشک اور بدھ تہذیب کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ افغانستان میں اسلام ساتویں عیسوی میں پہنچ چکا تھا۔ اسلام کے علاوہ کوئی دوسرا مذہب افغانستان میں جڑیں نہیں پکڑ سکا۔ 1965 تک افغانستان میں اسلامی شریعت ہی سرکاری قانون تھا۔ حکومے نے قانون بدلہ مگر عوام اپنے فیصلے شریعت کے تحت کرتے رہے۔ افغانستان کا رقبہ 6 لاکھ 57 ہزار کلو میٹر ہے۔ افغانستان کو چاروں صرف سے خشک زمین اور سنگلاخ پہاڑوں نے گھیرے ہوا ہے۔ یہ ملک سطح سمندر سے چار ہزار فٹ بلندی پر واقع ہے۔ افغانستان کی آبادی ڈھائی کروڑ سے زاہد ہے۔ کابل، قندھار، جلال آباد اور مزار شریف مشہور شہر ہیں۔ افغانستان میں پشتون، ازبک، تاجک، ہزارہ اور دیگر نسلیں ہیں۔ پشتون ساٹھ فی صد ہیں۔ پشتو اور دری زبان زیادہ بولیں جاتیں ہیں۔ ایک کروڑ چالیس ہزار ہیکٹر زمین قابل کاشت ہے۔ 85 فی صد آبادی کا شتکاری اور زراعت سے وابستہ ہے۔ معدنی وسائل تانبا، سیسا، قدرتی گیس، کوئلہ، جست، لوہا، سونا اور چاندی کے ذخائر ہیں۔ جہاں تک ہندوستان کا ذکر تو محمود غزنوی کی فتوحات نے ہی ہندوستان میں مسلمان تہذیب کو ہندو تہذیب میں تحلیل ہونے سے بچایا تھا۔ افغانستان کے قوم پرست سوشلسٹ حکمران کبھی بھی پاکستان کے دوست نہیں رہے۔ نادر شاہ کے زمانے کا افغانستان اسلامی کا نمونہ تھا۔ حکیم الامت ڈاکٹر شیخ علامہ محمد اقبال جب نادر شاہ سے ملنے افغانستان گئے تو نادر شاہ نے نماز پڑھانے کا کہا تھا۔ تو علامہ اقبال نے نادر شاہ کو امامت کے آگے کیا اور کہا تھا کہ مسلمانوں کے ایک عادل حکمران کے پیچھے نماز پڑھنا فخر محسوس کرتا ہوں۔ اپنی ایک فارسی (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

نبی محترم ﷺ غیر مسلم شاہیر کی نظر میں

570، (بعض روایات میں 571ء) مکہ میں پیدا ہونے والے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن کی پہلی آیت چالیس برس کی عمر میں نازل ہوئی۔ ان کا وصال تریسٹھ (63) سال کی

عمر میں 632ء میں مدینہ میں ہوا۔ مکہ اور مدینہ دونوں شہر آج کے سعودی عرب میں حجاز کا حصہ ہیں۔۔۔ عربی زبان میں لفظ "محمد" کے معنی ہیں جس کی تعریف کی جائے

آپ ﷺ کی مدحت سرائی تو آپ ﷺ کے زمانے والے بھی کیا کرتے تھے

مغربی مصنف مائیکل ہارٹ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب The Hundred میں دنیا کے ان سو عظیم ترین آدمیوں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے دنیا کی تشکیل میں بڑا کردار ادا کیا۔ اس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے پہلے شمار پر رکھا ہے۔ مصنف ایک عیسائی ہو کر بھی اپنے دلائل سے یہ ثابت کرتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پورے نسل انسانی میں سیدالبشر کہنے کے لائق ہیں۔ تھامس کارلائیل نے 1840ء کے مشہور دروس (لیکچرز) میں کہا کہ "میں محمد سے محبت کرتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ ان کی طبیعت میں نام و نمود اور ریا کا شائبہ تک نہ تھا۔ ہم انہی صفات کے بدلے میں آپ کی خدمت میں ہدیۂ اخلاص پیش کرتے ہیں"۔ فرانس کا شہنشاہ نپولین بونا پارٹ کہتا ہے "محمد دراصل سرور اعظم تھے۔ 15 سال کے قلیل عرصے میں لوگوں کی کثیر تعداد نے جھوٹے دیوتاؤں کی پرستش سے توبہ کر ڈالی۔ مٹی کی بنی دیویاں مٹی میں ملا دی گئیں۔ یہ حیرت انگیز کارنامہ تھا آنحضرت کی تعلیم کا"۔ جارج برناڈ شا لکھتا ہے "موجودہ انسانی مصائب سے نجات ملنے کی واحد صورت یہی ہے کہ محمد اس دنیا کے رہنما بنیں"۔ گاندھی لکھتا ہے کہ "بانی اسلام نے اعلی اخلاق کی تعلیم دی جس نے انسان کو سچائی کا راستہ دکھایا اور برابری کی تعلیم دی۔ میں اسلام کا جتنا مطالعہ کرتا ہوں اتنا مجھے یقین راسخ ہو جاتا ہے کہ یہ مذہب تلوار سے نہیں پھیلا"۔ جرمنی کا مشہور ادیب شاعر اور ڈرامہ نگار "گوئٹے" حضور کا مداح اور عاشق تھا۔ اپنی تخلیق "دیوان مغربی" میں گوئٹے نے حضور اقدس کی بارگاہ میں جگہ جگہ عشق محمد کا اظہار کیا ہے اور ان کے قدموں میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے ہیں۔ فرانس کے محقق ڈی لمرٹائن نے اپنی کتاب "تاریخ ترکی" میں انسانی عظمت کے لیے جو معیار قائم کیا اس ضمن میں فاضل تاریخ دان لکھتا ہے "اگر انسانی عظمت کو ناپنے کے لیے تین شرائط اہم ہیں جن میں (1)۔ مقصد کی بلندی، (2)۔ وسائل کی کمی، (3)۔ حیرت انگیز نتائج۔ تو اس معیار پر جدید تاریخ کی کون سی شخصیت محمد سے ہمسری کا دعوی کر سکتی ہے"۔ فرانسیسی مصنف دی لمرتین لکھتا ہے "فلسفی، مبلغ، پیغمبر، قانون ساز، سپہ سالار، ذہنوں کا فاتح، دانائی کے عقائد برپا کرنے والا، بت پرستی سے پاک معاشرہ تشکیل دینے والا۔ بیسیوں ریاستوں کو ایک روحانی سلطنت میں متحد کرنے والا۔۔۔۔ وہ محمد ہیں۔۔۔۔ جہاں تک انسانی عظمت کے معیار کا تعلق ہے ہم

محمد کی عظمت کی قسم کھاتے ہیں

ڈاکٹر شیلے پیغمبر آخرالزماں کی ابدیت اور لاثانیت کا اقرار کرتے ہوئے لکھتے ہیں "محمد گزشتہ اور موجودہ لوگوں میں سب سے اکمل اور افضل تھے اور آئندہ ان کا مثال پیدا ہونا مشکل ہے رانا بھگوان داس لکھتے ہیں کہ اگر آپ ﷺ نہ آتے تو دنیا کا ظلم بڑھتے بڑھتے اس کو تباہ کر دیتا، اگر آپ ﷺ نہ ہوتے تو یورپ کے تاریک زمانے دوچند بلکہ سہ چند تاریک تر ہو جاتے۔ اگر آپ ﷺ نہ ہوتے تو انسان ریگستانوں میں پڑے بھٹکتے پھرتے۔ جب میں آپ کے جملہ صفات اور تمام کارناموں پہ بحیثیت مجموعی نظر ڈالتا ہوں کہ آپ ﷺ کیا تھے؟ اور کیا رہے ہوں گے اور آپ ﷺ کے تابع دار صحابیوں نے جن میں آپ ﷺ نے زندگی کی روح پھونک دی تھی کیا کیا کارنامے دکھائے تو آپ ﷺ مجھے سب سے بڑے بزرگ، سب سے برتر دکھائی دیتے ہیں۔

باپائے قوم، مہاتما موہن داس کرم چند گاندھی جی کہتے ہیں کہ اس وقت جب کہ مغرب خطرناک تاریکی میں بھٹک رہا تھا مشرق میں روشن ہونے والے اسلام کے بلند سورج نے مستحق عذاب دنیا کو روشن و منور کر دیا اور باشندگان دنیا کو سلامتی، راحت و طمانیت بخشا دین اسلام باطل مذہب نہیں، جب بھی ہندوؤں نے اس کا گہرائی سے مطالعہ کیا ہے اور اسکے بارے میں تلاش و جستجو کی ہے تو وہ اس کے ایسے ہی گرویدہ ہو گئے جیسا میں اس کا گرویدہ ہوں۔

پنڈت گوپال ایڈیٹر بھارت ساجاز بمبئی مہا پرش کے عنوان سے آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ یوں بیان کرتے ہیں۔ رشی محمد ﷺ صاحب کی زندگی پر جب ہم وچار کرتے ہیں تو یہ بات صاف نظر آتی ہے کہ ایشور نے ان کو سنسار سدھارنے کے لیے بھیجا تھا ان کے اندر وہ سکتی موجود تھی جو ایک گریٹ ریفارمر اور ایک مہا پرش (ہستی اعظم) میں ہونی چاہیے وہ عرب کے فاتح اعظم تھے مگر مفتوح اقوام کے لیے پیغام رحم و کرم تھے۔

آقا ﷺ کی ولادتِ سعادت (آخری قسط)

سمیع اللہ ملک

کا اظہار کیا تھا؟ سیدہ فاطمہؓ نے فرمایا کہ پہلی بار جب میں قریب ہوئی تو فرمایا: فاطمہؓ! میں آج رات (اس دنیا سے) کوچ کرنے والا ہوں، جس پر میں رو دی۔ جب انہوں نے مجھے بے تحاشا روتے دیکھا تو فرمانے لگے: فاطمہؓ! میرے اہل خانہ میں سب سے پہلے تم مجھے آملو گی جس پر میں خوش ہو گئی۔ سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں، پھر آنحضرت ﷺ نے سب کو گھر سے باہر جانے کا حکم دے کر مجھے فرمایا: عائشہؓ! میرے قریب آجاؤ۔ آنحضرت ﷺ نے میرے سینے پر ٹیک لگائی اور ہاتھ آسمان کی طرف بلند کر کے فرمانے لگے، مجھے وہ اعلی وعمدہ رفاقت پسند ہے (میں اللہ کی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کی رفاقت کو اختیار کرتا ہوں۔) عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں، میں سمجھ گئی کہ انہوں نے آخرت کو چن لیا ہے۔

جبرئیل علیہ السلام خدمت اقدس میں حاضر ہو کر گویا ہوئے، یا رسول اللہ، ملک الموت دروازے پر کھڑے شرف باریابی چاہتے ہیں۔ آپ سے پہلے انہوں نے کسی سے اجازت نہیں مانگی۔ آپ ﷺ نے فرمایا، جبرئیل! اسے آنے دو۔ ملک الموت نبی کریم ﷺ کے گھر میں داخل ہوئے اور کہا، السلام علیک یا رسول اللہ! مجھے اللہ نے آپ کی چاہت جاننے کے لئے بھیجا ہے کہ آپ دنیا میں ہی رہنا چاہتے ہیں یا اللہ سبحانہ وتعالی کے پاس جانا پسند کرتے ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اعلی وعمدہ رفاقت پسند ہے۔ ملک الموت آنحضرت ﷺ کے سرہانے کھڑے ہوئے اور کہنے لگے، اے پاکیزہ روح، اے محمد بن عبداللہ کی روح، اللہ کی رضا و خوشنودی کی طرف روانہ ہو، راضی ہو جانے والے پروردگار کی طرف جو غضب ناک نہیں!

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہیں، پھر نبی کریم ﷺ کا ہاتھ نیچے آن رہا اور سر مبارک میرے سینے پر بھاری ہونے لگا، میں سمجھ گئی کہ آنحضرت ﷺ کا وصال ہو گیا۔۔۔ مجھے اور تو کچھ سمجھ نہیں آیا۔ میں اپنے حجرے سے نکلی اور مسجد کی طرف کا دروازہ کھول کر کہا۔۔۔ رسول اللہ کا وصال ہو گیا۔۔۔ رسول اللہ کا وصال ہو گیا۔۔۔ مسجد آہوں اور نالوں سے گونجنے لگی۔ ادھر علی کرم اللہ وجہہ جہاں کھڑے تھے وہیں بیٹھ گئے پھر ہلنے کی طاقت تک نہ رہی۔ ادھر عثمانؓ معصوم بچوں کی طرح ہاتھ ملنے لگے اور سیدنا عمرؓ تلوار بلند کر کے کہنے لگے: خبردار! جو کسی نے کہا رسول اللہ ﷺ وفات پا گئے ہیں، میں ایسے شخص کی گردن اڑا دوں گا، میرے آقا تو اللہ تعالی سے ملاقات کرنے گئے ہیں جیسے موسی علیہ السلام اپنے رب سے ملاقات کو گئے تھے، وہ لوٹ آئیں گے، بہت جلد لوٹ آئیں گے، اب جو وفات کی خبر اڑائے گا، میں اسے قتل کر ڈالوں گا!

اس موقع پر سب زیادہ ضبط، برداشت اور صبر کرنے والی شخصیت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی تھی، آپ حجرہ نبوی میں داخل ہوئے، رحمت دو عالم ﷺ کے سینے مبارک پر سر رکھ کر روتے ہوئے کہنے لگے۔ وا آ آ خلیلاہ، وا آ آ صفیاہ، وا آ آ حبیباہ، وا آ آ نبیاہ۔ (ہائے میرا پیارا دوست، ہائے میرا مخلص ساتھی، ہائے میرا محبوب، ہائے میرا نبی) پھر آنحضرت ﷺ کے ماتھے پر بوسہ دیا اور کہا، یا رسول اللہ! آپ پاکیزہ جئے اور پاکیزہ ہی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ سیدنا ابوبکرؓ باہر آئے اور خطبہ دیا، جو شخص محمد ﷺ کی عبادت کرتا ہے سن رکھے آنحضرت ﷺ کا وصال ہو گیا اور جو اللہ کی عبادت کرتا ہے وہ جان لے کہ اللہ تعالی جل شانہ کی ذات ہمیشہ زندگی والی ہے جسے موت نہیں۔ سیدنا عمرؓ کے ہاتھ سے تلوار گر گئی، خود عمرؓ فرماتے ہیں، پھر میں کوئی تنہائی کی جگہ تلاش کرنے لگا جہاں اکیلا بیٹھ کر روؤں۔ آنحضرت ﷺ کی تدفین کر دی گئی!

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: تم نے کیسے گوارا کر لیا کہ نبی اکرم ﷺ کے چہرہ انور پر مٹی ڈالو؟ پھر فرمانے لگیں: یا ابتاہ، اجاب ربا دعاہ، یا ابتاہ، جنۃ الفردوس ماواہ، یا ابتاہ الی جبریل ننعاہ۔۔۔ ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ اپنے رب کے بلاوے پر چل دیئے، ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ جنت الفردوس میں اپنے ٹھکانے کو پہنچ گئے، ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ ہم جبریل کو ان کے آنے کی خبر دیتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ میرے آقا ﷺ کی ولادت سعادت تمام جہانوں کے لئے بڑی برکت و کامیابی کا دن ہے اور ربیع الاول ہی میں آقائے نامدار اس دنیا میں تشریف لائے تاہم شریعت میں حضور ﷺ کے یوم پیدائش کو عید قرار نہیں دیا گیا ہے اور نہ اس کے لئے کسی قسم کے احکام ہمیں قرآن وحدیث میں ملتے ہیں لیکن اگر مسلمان یہ جان کر کہ رب کریم کے سب سے بڑے محبوب اور دنیا کے سب سے بڑے ہادی اور رحمت العالمین کی پیدائش سب سے بڑی نعمت ہے تو یقینا یہ سب سے بڑی خوشی کا مقام ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ہم اس خوشی کو کس طرح منائیں جس سے ہمارا رب اور ہمارے آقا رسول اکرم ﷺ کی خوشنودی حاصل ہو سکے نہ کہ ہم خوب کھائیں پئیں، چراغاں کریں، بے ہنگم جلوس، گانا بجانا، جھنڈے نکالنا، مسجد نبویؐ اور خانہ کعبہ کے مصنوعی ماڈل یا بت بنا کر ان کو پھولوں سے لاد کر ان کو چومنا اور ملک کی بڑی شاہراہوں پر ٹریفک کے نظام کو تہہ و بالا کرنا اور اپنی دل لگی کے لئے فضول تماشی کام کرنے میں افتخار محسوس کریں تو ہمارے اور جاہل قوموں میں کوئی فرق نہیں رہے گا جو اپنی تاریخ کے بڑے بڑے واقعات کی یاد میلوں ٹھیلوں اور جلوسوں سے مناتی ہیں اور ایسے رسم و رواج تو جاہل قوموں کا وطیرہ ہے۔ ہمارے دین اسلام میں یادگار منانے کے لئے دو خوبصورت تہوار ہیں۔ سب سے بڑا تہوار تو حضرت ابراہیمؑ کی اپنے بیٹے حضرت اسمعیل کی قربانی کا لازوال واقعہ ہے جس کو منانے کے لئے عیدالاضحی کی نماز قربانی، حج و طواف میں صفا و مروہ کا وہ مبارک مناسک ہے جو قیامت تک ہمیں اس عظیم الشان واقعے کی یاد دلاتا رہے گا۔ اب یہ ہم مسلمانوں پر منحصر ہے کہ ہم اپنی زریں تاریخ کے ایسے لازوال واقعات کی یاد کس طرح منائیں۔

ہم کو سوچنا چاہیے کہ آقائے اکرم ﷺ کی ولادت سعادت کس لحاظ سے ہمارے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ اس لحاظ سے نہیں کہ عرب کے ایک شخص کے گھر میں آج ایک بچہ پیدا ہوا تھا بلکہ اس لحاظ سے کہ آج اس پیغمبر اعظم ﷺ کو اللہ نے زمین پر بھیجا جس کے ذریعے سے انسان کو اللہ کی معرفت حاصل ہوئی جس کی بدولت حقیقت میں انسان کو تکریم ملی اپنی بچیوں کو زندہ در گور کرنے والوں کو جہاں راہ ہدایت نصیب ہوئی وہاں عورتوں کو عظمت کے اعلی مقام ملا جن کی ذات گرامی تمام جہانوں کے لئے اللہ کی رحمت قرار پائی اور جن کی وجہ سے روئے زمین پر ایمان اور عمل صالح کا نور پھیلا۔ پس جب اس تاریخ کی اہمیت اس لحاظ سے ہے تو اس کی یادگار بھی اس طرح منانی چاہیے کہ آج کے روز حضور ﷺ کی تعلیم اور دنوں سے زیادہ پھیلائی جائے اور اقوام عالم کو آقا ﷺ، آپ ﷺ کے اخلاق اور آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ کو اپنے عمل سے متعارف کروائیں۔ آقا ﷺ کی ہدایات سے سبق حاصل کریں اور کم از کم آپ ﷺ کی تعلیم کا اتنا چرچا تو کریں کہ سال بھر تک اس کا اثر باقی رہے۔ اس طرح یادگار منائیں گے۔ تو حقیقت میں یہ ثابت ہوگا کہ ہم یوم میلادالنبی ﷺ کو سچے دل سے عید سمجھتے ہیں اور اگر صرف کھا پی کر، دل لگیاں اور غل غپاڑہ مچا کر ہی شام کو تھک ہار کر سو جائیں گے تو یہ مسلمانوں کی عید نہیں بلکہ جاہلوں کی عید ہوگی جس کی نہ تو کوئی وقعت ہوگی بلکہ اس کی سخت باز پرس بھی ہوگی۔

پیغمبر انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات ہمارے مصائب کا حل

نسیم الحق زاہدی

حیرت کی بات ہے کہ جس امت کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کے انسانوں کو غلامی سے نجات دلوائی انسان کو اشرف المخلوقات کے منصب پر فائز ہونے کی نوید سنائی آج اس ہادی رہنما صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت غلامی کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے اس حقیقت کو جاننے کے لیے مجھے قبل اسلام تاریخ انسانی کو پڑھنا پڑا اور افسوس ہوا یہ جان کر کہ ہم "امت" نہیں رہے فرقوں، ذاتوں اور اونچ نیچ کے امتیازات میں بٹ کر کب کے تقسیم ہو چکے ہیں آج مسلمانوں پر زوال کی وجہ بھی یہی ہے یہ حتمی حقیقت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دنیا میں تشریف لائے تو اہل عرب معاشرتی قباحتوں میں غلطاں اور اعلی و ارفع اخلاقی اقدار سے محروم تھے چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمت اللعالمین ہیں اس لیے سسکتی ہوئی انسانیت کو عالمگیر امن و سلامتی کا پیغام دیا عزت کا معیار رنگ، زبان، نسل اور دولت نہیں بلکہ پاکیزہ کردار اطوار اور حسین رویے ہیں جو دنیا و آخرت کے لیے نفع بخش ہیں، کیا یہ کم نہیں وجہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحشی عربوں کی انقلابی خطوط پر تربیت کی ان کے فکر و شعور کو بیدار کر کے زیور تعلیم سے آراستہ کیا۔ تہذیب و تمدن سے آشنا اور قیادت کی قبا عطا کی عالمگیر اخوت و محبت اتحاد یگانگت اور رواداری کے جذبوں کو فروغ دیا زندگی سے مایوس اور خوف زدہ انسانوں کو نئے عزم سے جینے کا احساس دلایا اپنے تدبر اور حکمت و دانش سے مدینے میں ایک فلاحی ریاست قائم کی کہ دکھی انسانیت نے سکھ کا سانس لیا دکھ تو یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانے کے بعد پوری دنیا میں عزت کا معیار پھر رنگ، زبان، نسل اور دولت ٹھہرے ہوں اقتدار کی خاطر مسلمان بادشاہوں نے اسلام کی آڑ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انقلابی افکار و نظریات اور تعلیمات کو یکسر چھوڑ دیا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ تاریخ اسلام کے اوراق خون سے آج بھی تر نظر آتے ہیں جو کہ تاریخی المیہ ہے مختصر اسلام سے پہلے انسان جہالتوں کے اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا اس زمانے میں حق "طاقت" کا نام تھا اس لیے ہر طاقت ور ہر قسم کے حقوق کا مالک ہوتا تھا غلامی کا قانون مشہور و معروف تھا ایک سوال کہ سارے انبیاء کرام سچے اور اللہ کے بندے تھے اور وہ جو مذہب لائے وہ اللہ کی طرف سے تھا مگر وہ مذاہب عالمگیر شہرت کیوں نہ حاصل کر سکے آخر اسلام ہی وہ مذہب کیوں ہے جو تیزی سے پھیلا اور پھر پھیلتا ہی چلا گیا اور پھیل رہا ہے۔

اصل میں اللہ تعالی نے ایک قوم کو سدھارنے کے لیے ان پر کئی پیغمبر بھیجے جو اللہ کی طرف سے پیغامات لیکر دنیا میں تشریف لائے حضرت موسی کی اتنی پرزور تاکید کے باوجود بنی اسرائیل خدا کی کتاب سے غافل ہوتے چلے گئے ان کی غفلت یہاں تک بڑھی کہ حضرت موسی کے سات سو برس بعد ہیکل سلیمانی کے سجادہ نشین اور یروشلم کے یہودی فرمان روا تک کو یہ معلوم نہ تھا کہ ان کے ہاں تورات نامی کوئی کتاب موجود ہے علمائے یہود نے کتاب اللہ کے علم کی اشاعت کرنے کی بجائے اس کو مذہبی پیشہ وروں کے ایک مخصوص طبقے میں مقید کر دیا یہودی اصل یہودیت سے لاعلم ہو چکے تھے دین مسیحیت دین یہودی کی تکمیل کے لیے نازل ہوا تھا مگر یہودی جو آقا قوم سمجھتے تھے اور ہیں نے (جاری ہے)

شال بقیہ 1

بحیثیت وزیراعلیٰ بھی کبھی لوگوں کو گروہوں کو دھرنے دینے سے نہیں روکا ہے یہاں تک کہ میرے گھروں کے ساتھ بھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم جمہوری اصولوں اور آزادی اظہار رائے کو کتنی اہمیت دیتے ہیں میں نے کبھی بھی طاقت کے استعمال کا حکم نہیں دیا ہے البتہ بعض اوقات ایک مخصوص جگہ اور حالات کی وجہ سے دھرنے یا ریلی میں کچھ تنازعات ہوجاتے ہیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے کبھی کسی کو دھرنا دینے سے نہیں روکا اور نہ ہی مظاہرین پر طاقت کے استعمال کے احکامات دیئے ہیں ریلیوں اور دھرنوں میں تنازعات ہوجاتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ جمہوری روایات اور اظہار رائے کی آزادی اور ماحول فراہم کیا ہے میں نے کبھی بھی کسی مظاہرے پر طاقت کے استعمال کے احکامات نہیں دیئے البتہ بعض اوقات دھرنوں اور ریلیوں میں تنازعات ہوجاتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت نے تواتر کے ساتھ متعدد دھرنوں اور مظاہرین سے مذاکرات کئے ہیں انشاء اللہ ہوشاب دھرنے کے مظاہرین سے بھی مذاکرات کر لئے جائیں گے انہوں نے کہا کہ الحمداللہ میں نے کبھی کسی کو دھرنا دینے سے نہیں روکا حتیٰ کہ میرے گھر کے باہر بھی دھرنے دیئے گئے۔

شال بقیہ 2

ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، قادر علی نائل، سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزادہ و دیگر بھی موجود تھے۔ ناراض ارکان نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں تعاون کی درخواست کردی جس پر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے تعاون سے معذرت کرلی چیئرمین ایچ ڈی پی عبدالخالق ہزارہ نے وفد کو بتایا کہ وہ پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے فیصلے کے پابند ہے لہذا وہ تحریک عدم اعتماد کا حصہ نہیں بن سکتے انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی کے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں میرظہور احمد بلیدی کے رابطے پر ہم نے ملاقات کی ہم نے ناراض ارکان کے سامنے اپنا موقف کھل کر رکھا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت میں شمولیت سے متعلق فیصلہ پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کرتی ہے جام کمال کی حمایت ہم نے پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے فیصلے کی روشنی میں کیا ہے لہذا ہم جام کمال کے خلاف نہیں جاسکتے ہماری جماعت کا اپنی شناخت ہے۔ اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر میرظہور بلیدی نے کہا کہ بی اے پی کے ارکان کا ایچ ڈی پی کے رہنماؤں سے ملاقات ہوئی ہے ہم نے انہیں 20 اکتوبر کو جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں تعاون کی اپیل کی ہے امید ہے کہ وہ اس سلسلے میں مثبت جواب دیں گے۔

شال بقیہ 3

کہ پی ڈی ایم کے غبارے سے بہت جلد ہوا نکل جائے گی پی ڈی ایم کی تمام قیادت اس کوشش میں لگی ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کو کیسے توڑا جائے مگر ان کا یہ خواب بھی پورا نہیں ہوگا بلوچستان عوامی پارٹی کے تمام اراکین باشعور ہیں اور میں یہ امید ظاہر کرتا ہوں کہ بہت جلد باپ پارٹی کے ناراض اراکین پی ڈی ایم کی سازشوں کو پہچان لیں گے 24 تاریخ باپ پارٹی کے تمام اراکین متحد ہو کر پی ڈی ایم کا مقابلہ کریں گے۔ پی ڈی ایم میں سب مفاد پرست جمع ہیں، جن کا کوئی ایجنڈا نہیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور عوام کی حمایت سے پی ڈی ایم کی ہر سازش ناکام رہی جام کمال کی شفاف سیاست کے سامنے یہ غیر فطری اتحاد کوئی حیثیت نہیں رکھتا انہوں نے کہا کہ قوم کے ٹھکرائے ہوئے عناصر کو انتشار کی سیاست چھوڑ کر مثبت رویہ اختیار کرنا چاہیے پی ڈی ایم کی تمام جماعتیں زبانی جمع خرچ پر لگی ہوئی ہیں۔

شال بقیہ 4

کہ ہماری حکومت عوام کے پیسے کی ایسی لوٹ کھسوٹ پر نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ کفایت شعاری کے اقدامات اٹھائیگی۔

شال بقیہ 5

شریف خون کے آنسورو رہے ہیں، اپوزیشن وزارت کھلی ہے تو ہمیں اجازت دے دیتے ہیں، وہ مگر کچھ کے آنسورو رہے ہیں، وہ جس طرح منصوبہ بندی سے لندن گئے وہاں انہیں خون کے آنسورونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ ملک میں عمران خان کی حکومت کو سوا 3 سال ہوگئے ہیں، آپ (مریم نواز) اب کوئی سیاسی اکھاڑ پچھاڑ کر کے، جوڑ توڑ کرانے کر کے اپنی سیاسی قبر کھودیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دیکھتے ہی دیکھتے حکومت کو 4 سال مکمل ہوجائیں گے اور پانچواں سال الیکشن کا ہوگا، ہر آدمی اپنے حلقے میں ہوتا ہے، اللہ کا شکر ہے ہم نے اپنے حلقے کے عوام سے جو وعدے کیے تھے وہ سب مکمل ہونے والے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ میں واضح طور پر کہنا چاہ رہا ہوں کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے، گزشتہ دسمبر میں آپ نے کہا تھا کہ عمران خان جارہے ہیں، کہیں نہیں جارہے، عمران خان 5 سال پورے کریں گے اور آئندہ انتخابات کے لیے تیاری کریں گے جس کا فیصلہ قوم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج مہنگائی ہے، ساری دنیا میں تیل اور اشیائے خوردونوش کی قیمتیں جس طرح بڑھی ہیں اس کے اثرات پاکستان پر بھی پڑے ہیں، پوری کوشش کریں گے

شال بقیہ 6

تعلیمات رسول پر عمل پیرا ہوکر ہی معاشرے سے عدم برداشت کے رویوں کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ حتیٰ کہ قرآن مجید بھی ان کی عظمت و وقار کا گواہی دیتا ہے کہ بیشک رسول خدا اخلاق کے عظیم ترین درجہ پر فائض ہیں۔ انہوں نے کہا آج بھی دنیا میں دیگر مذاہب کے لوگ عظیم انسانوں کی فہرست مرتب کرتے وقت منظہر سلام کا نام سرفہرست رکھتے ہیں، عشرہ رحمت العالمین کی خصوصی تقریب میں علامہ سید ہاشم موسوی، قاری حفیظ لہڑی، مولانا انوار الحق حقانی اور قاری عبدالرحمان نے بھی اسوہ حسنی کے عظیم ترین پہلو مکارم اخلاق پر روشنی ڈالی، علماء کرام نے وزیراعظم پاکستان عمران خان اور گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا کا عشرہ رحمت العالمین کی مناسبت سے تقریبات کو لائق تحسین قرار دیا۔ قبل ازیں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں خصوصی تقریب کے دوران قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا، نعت خواں نے ہدیہ نعت پیش کیے۔ اور ملک کی ترقی سلامتی، امت مسلمہ اور تمام انسانیت کی فلاح کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔ تقریب کے آخر میں گورنر بلوچستان نے اتحاد بین المسلمین کے حوالے علماء کرام پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 7

میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نے 2015 میں آئی ایم ایف پروگرام مکمل کیا تھا، ان پر عمران نیازی تنقید کیا کرتے تھے۔ شہباز شریف نے کہا کہ 3 سال سے عوام کا معاشی قتل جاری ہے، حکومت کی حکمت عملی یہ ہے کہ آئی ایم ایف کی تمام شرائط پہلے مان لیں پھر بھی مذاکرات ناکام ہوگئے، تین سال آئی ایم ایف کی اندھی تابعداری اور عوام کو مہنگائی سے لہولہان کردیا اور نتیجہ صفر نکلا، وزیرخزانہ کو سینیٹر بنوانے میں عمران خان نیازی نے جتنی دلچسپی لی، شوکت ترین نے بھی اتنی ہی دلچسپی سے آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کئے، حکومت نے عوام کو دھوکہ دیا اور آئی ایم ایف کو بھی چکر دیا، حکومت نے مہنگائی پہلے کردی، آئی ایم ایف سے مذاکرات بھی ناکام ہوگئے۔ آئی ایم ایف سے مذاکرات کی ناکامی کے بعد حکومت قیمتوں میں اضافہ واپس لے۔

شال بقیہ 8

آئینی جمہوری حق ہے کسی کو یہ اختیار نہیں کہ وہ غیر جمہوری طریقوں سے اس کو ناکام کرنے کی کوشش کریں جب بھی کبھی ایسے معاملات میں غیر جمہوری قوتوں کو استعمال کیا گیا اسکے نتائج سنگین نکلے، سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ کئی دن ہوتے کو ہے یہ ٹوٹی ہوئی روحیں ریڈ زون میں وزیراعلیٰ اور گورنر ہاؤس سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر سراپا احتجاج ہے حکومت کا کوئی ایک نمائندہ بھی ان لوگوں سے بات چیت کیلئے نہیں آیا ہے، ریاست اور نام نہاد انسانی حقوق کے کارکن کہاں ہیں؟ یہ دو بچوں کی لاشیں پڑی ہیں ایسا لگتا ہے کہ جب بلوچستان کی بات آتی تو پھر انسانیت ختم ہوجاتی ہے۔

شال بقیہ 9

اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 64 ہزار 384 ہوچکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 26 ہزار 237 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 1 ہزار 958 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے، 12 لاکھ 9 ہزار 878 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 44 ہزار 831 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کل 2 کروڑ 1 لاکھ 96 ہزار 19 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 65 ہزار 486 ہوچکی ہے، اس سے کل اموات 7 ہزار 529 ہوگئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 37 ہزار 793 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 842 ہوچکی ہیں۔ خیبرپختونخوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 76 ہزار 774 ہوچکی ہے، اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 683 ہوگئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 6 ہزار 445 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، اب تک یہاں کل 937 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 34 ہزار 397 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، اس کے باعث اب تک یہاں کل 740 مریض وفات پا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 33 ہزار 120 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 352 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 10 ہزار 369 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں، اس سے اب تک 186 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 10

ہزار اور پچھلے سال پانچ ہزار پودے لگائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ میاواکی جنگلا ور سب سے اچھی بات یہ ہے کہ یہ سب حکومتی خرچ پر نہیں بلکہ ہماری پاکستانی کاروباری کارپوریشنز نے سی ایس آر کے تحت کیا، انکا بہت شکریہ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر تو میں عوام، میڈیا، کاروباری طبقہ، علماء، حکومت، عدلیہ اور دفاعی قوتوں کا ایک اچھا امتزاج ہے، مشکل وقت کے باوجود، ہم ابھر رہے ہیں۔

شال بقیہ 11

کہ فیصل آباد کو پاور لومز کا قبرستان بنا دیا گیا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ لانگ مارچ کی کہانیاں سنتے سنتے لوگوں کے کان پک چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں نے ہمیشہ ذاتی سلامتی کو قومی سلامتی سے اوپر رکھا، اس لیے کہ آپ کے مودی انکل ناراض ہوجائیں گے۔

شال بقیہ 12

رہے ہیں، ہم خطے میں امن کے خواہاں ہیں اس خطے میں امن آنے سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی اور ہم وسط ایشیائی ممالک تک اپنی برآمدات بھیج سکیں گے۔ اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ 40 سال تک افغانستان میں جنگ رہی ہے، ہمارے بجٹ کا بڑا حصہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کے لیے استعمال ہوتا تھا، اب حالات بدل رہے ہیں افغانستان میں امن سے خطے میں خوشحالی اور ترقی آئے گی، گوادر کے کھلنے سے وسطی ایشیا کی مارکیٹیں تجارت اور سرمایہ کاری کے لئے کھل جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی اکنامک زون کا قیام بھی عمل میں لایا جارہا ہے اس اقتصادی زون کے کھلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ دور میں صرف دو پارٹیوں نے حکومت کی ہے اور انہوں نے کوئی ایسا قومی ادارہ نہیں چھوڑا تھا جو منافع میں ہو اب ہمارے ملک کی سمت درست ہوچکی اور ہماری قوم کی خودداری میں اضافہ ہوا ہے۔

شال بقیہ 13

کی ڈسٹری بیوشن اور حاملہ خواتین کو ٹی ڈی ویکسین لگانے کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ منانے سے متعلق منعقدہ تقریب کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے تمام علماء کرام اور میڈیا پرسنز پر زور دیا کہ وہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ صوبائی منیجر ڈاکٹر سمیع اللہ کاکڑ نے بتایا کہ یہ ہفتہ سال میں دو دفعہ منایا جاتا ہے۔ اس دفعہ یہ ہفتہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں 18 اکتوبر سے 23 اکتوبر تک منایا جارہا ہے۔ اس ہفتے کے دوران دو سال سے پانچ سال تک کے بچوں کو پیٹ میں کیڑوں کے ادویات بھی فراہم کی جائینگی۔

شال بقیہ 14

مرض پھیل چکا ہے جس کی وجہ سے بچے متاثر ہیں۔ ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال وڈھ ڈاکٹر سیف الرحمن مینگل کے مطابق محکمہ صحت کے ٹیم کلی عثمان بیلار درا کھالہ پہنچ کر متاثرہ بچوں کی علاج اور ان کو خسرے سے بچاؤ کے لئے ویکسین لگا رہا ہے۔

شال بقیہ 15

تمام شرائط پہلے مان لیں پھر بھی مذاکرات ناکام ہوگئے، یہ ہے حکومت کی حکمت عملی؟۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تین سال آئی ایم ایف کی اندھی تابعداری اور عوام کو مہنگائی سے لہولہان کردیا اور نتیجہ صفر رہا؟۔ وزیرخزانہ کو سینیٹر بنوانے میں عمران نیازی نے جتنی دلچسپی لی، شوکت ترین نے بھی اتنی ہی دلچسپی سے مذاکرات کئے، حکومت نے عوام کو دھوکہ دیا اور آئی ایم ایف کو بھی چکر دیا، تین سال سے عوام کا معاشی قتل جاری ہے، بجلی، گیس، پیٹرول، آٹا اور چینی کی قیمت اور آئی ایم ایف سے مذاکرات کیوں ہوئے قوم کو بتایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نوازشریف کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نے 2015 میں آئی ایم ایف پروگرام مکمل کیا تھا، ان پر عمران نیازی تنقید کیا کرتے تھے، عمران نیازی آئی ایم ایف نہیں جاؤں گا، خودکشی کروں گا کے نعرے لگاتے تھے۔

شال بقیہ 16

نے کہا کہ کریمنل ریفارم کے تحت تھانے کا ایس ایچ او کم از کم بی اے پاس ہوگا۔ پراسیکیوٹر فیصلہ کرے گا کہ ثبوت کافی ہیں کہ نہیں۔ اس کے تحت فرانزک لیبارٹری بھی قائم کی جائے گی۔ ڈی این اے ٹیسٹنگ بھی گواہی میں شامل کریں گی۔ مقدمے میں الیکٹرانکس گواہی بھی شامل کی جائے گی۔ 161 کا بیان زبردستی کیا جاتا تھا اب کوشش ہوگی کہ ویڈیو کے ذریعے ہی 161 کا بیان لیا جائے۔ فروغ نسیم کا کہنا تھا کہ آئین کی بالادستی کیلئے وکلاء کا کردار اہم ہے۔ ہمیں اپنے اندر جھانکنے کی ضرورت ہے کون کہاں کھڑا ہے۔ ہمیں بطور قوم اپنا احتساب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا جہ جن ممالک میں بڑوں کا احتساب نہیں ہوتا وہ اقوام تباہی کی طرف جاتی ہیں جبکہ جہاں بلاتفریق سب کا احتساب کیا جائے وہ قومیں ترقی کی منازل طے کرتی ہیں۔ ترقی یافتہ قوموں میں تمام افراد کیلئے یکساں قانون ہوتا ہے۔

شال بقیہ 17

18 ماہ قبل روہیلا نوالی کے علاقے ماہرہ میں فوزیہ بی بی سے پسند کی شادی کی تھی، آتشزدگی کا واقعہ بھی مبینہ طور پر محبوب عرف کالا کے سسرالیوں کی کارروائی ہے، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلئے گئے ہیں، جس میں پیٹرول کی خالی بوتل بھی شامل ہے، لاشوں کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد محبوب عرف کالا کی مدعیت میں مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

شال بقیہ 18

بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل نے ملاقات کی ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 19

رکن و بی اے پی کے قائم مقام صدر میرظہور بلیدی نے کہا کہ ضیا جان ! جب جام کمال خان مولانا واسع اور مولانا عبدالغفور حیدری سے ملیں تو حلال اور اگر ہم رابطہ کریں تو حرام۔ کیا یہ کھلا تضاد نہیں ہے۔ آپ کو جلد ہم اپنے کیمپ میں دیکھ رہے ہیں۔ جس پر جواب دیتے ہوئے صوبائی وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ ظہور جان مولانا واسع اور حیدری صاحب سے ملنا اور انکی طبیعت کا پوچھنا الگ بات اور چھپ کر ملنا اور شرارتی باتیں کرنا الگ بات ہے آپ جلد اپنے بھائیوں کے پاس مجھے نظر آرہے ہو۔

شال بقیہ 20

اسلم نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کا دوبارہ آغاز ہوگا، مذاکرات ناکام ہونے کی خبروں میں صداقت نہیں، مذاکرات بلاتعطل پیر سے دوبارہ شروع ہوں گے جبکہ مذاکرات ختم ہونیکی کوئی حتمی تاریخ نہیں۔ مزمل اسلم نے کہا کہ آج ڈالر 170 کا ہے اور پیٹرول 138 کا لیٹر ہے، پہلے حکومت ٹیکسز بہت زیادہ لے رہی تھی آج کم لے رہی ہے جبکہ گندم کے معاملے میں سندھ حکومت نے فیصلے نہیں لئے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے گندم ریلیز کے معاملے پر فیصلہ دیر سے کیا، لیکن یہ نہیں بتایا کہ کتنی گندم ریلیز کریں گے 12 لاکھ ٹن گندم سندھ حکومت کے پاس موجود ہے کھپت کے حساب سے روزانہ جاری کی جائے تو اگلی گندم اترنے سے زائد اسٹاک موجود ہے۔ گندم ریلیز نہ ہونے کی وجہ سے سندھ میں مہنگا آٹا مل رہا ہے۔ اس وقت پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ گنے کی فصل اتر رہی ہے۔

شال بقیہ 21

سال 22 کے دوران مائع پیٹرولیم گیس کی درآمد میں 95.53 فیصد اضافہ ہوا۔ درآمدی بل کا دوسرا بڑا حصہ کھانے پینے کی اشیاء پر مشتمل ہے۔ خوراک کی درآمد کا بل رواں مالی سال کے پہلے تین مہینوں میں 03.38 فیصد سے بڑھ کر 36.2 ارب ڈالر ہوگیا جو گزشتہ برس کے اسی مہینوں کے مقابلے میں 71.1 ارب ڈالر تھا۔ خوراک کی درآمد کا مسلسل بل اور اس کے نتیجے میں تجارتی خسارہ حکومت کے لیے پریشانی کا ایک اور ذریعہ ہے۔ پاکستان نے گزشتہ مالی سال میں خوردنی اشیاء کی درآمد پر 8 ارب ڈالر سے زائد خرچ کیے تھے۔ فوڈ امپورٹ بل آئندہ چند ماہ میں مزید بڑھ جائے گا کیونکہ حکومت نے اسٹریٹجک ذخائر بنانے کے لیے 6 لاکھ ٹن چینی اور 40 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جولائی تا ستمبر مالی سال 22 میں مجموعی درآمدی بل 11.66 فیصد بڑھ کر 74.18 ارب ڈالر ہوگیا جو گزشتہ برس کے اسی مہینوں میں 28.11 ارب ڈالر تھا۔ تمام غذائی اشیاء کے درآمدی بل نے رواں برس کے پہلے تین مہینوں میں قیمت اور مقدار میں اضافہ کیا جو ملکی پیداوار میں کمی کی نشاندہی کرتا ہے۔ فوڈ گروپ کی درآمد میں سب سے بڑا حصہ گندم، چینی، خوردنی تیل، مصالحے، چائے اور دالوں سے آیا جبکہ خوردنی تیل کی درآمد میں مقدار، قیمت اور فی قیمت کی شرائط میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا۔ پام آئل کی درآمد مالی سال جولائی تا ستمبر 91.53 فیصد بڑھ کر 89 کروڑ ڈالر ہوگئی جو گزشتہ برس کی اسی مہینوں میں 57 کروڑ ڈالر تھی۔ مقدار میں اسی مدت کے دوران پام آئل کی درآمد میں 80.14 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ بین الاقوامی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے پام آئل کے درآمدی بل میں اضافہ ہوا۔

شال بقیہ 22

کہا جاتا تھا کہ جب پیٹرول، بجلی مہنگی ہوتی ہے تو وزیراعظم چور ہوتا ہے جبکہ نوازشریف تو چور نہیں نکلے۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ نوازشریف کے دور میں تو غریب سے غریب بھی پیٹ بھر کے سوتا تھا، مہنگائی میں حکومتی نااہلی کا عمل دخل تو ہے ہی، ووٹ کی عزت پامال کرنیکا بھی نتیجہ ہے جبکہ جب ہم نے ووٹ کو عزت دو کی بات تو مخالفین نے ہم پر تنقید کی یہ تو اپنی بات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب ووٹ کو عزت نہیں ملتی تو ایسے حکمران مسلط کردیئے جاتے ہیں جنکو صرف اپنی کرسی کی فکر ہوتی ہے فیصل آباد واپسی پر ایک سٹور پر گئی تو عوام مجھے مل گئے، عوام کا کہنا تھا ہمارا اس حکومت سے جان چھڑائیں، عوام کا کہنا ہے کہ ہم مرگئے ہیں اس جعلی حکومت سے جان چھڑائیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی سوشل میڈیا ٹیم نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا، عوام مہنگائی کے باعث رل گئے، خود کشیوں پر مجبور ہوگئے جبکہ حکمرانوں کو صرف اس بات کی پرواہ ہے کہ اپنی حکومت کو کیسے بچانا ہے۔

شال بقیہ 23

حراست میں لے لیا گیا۔ اپنے بیان میں مشال ملک نے کہا کہ بھارتی فوج کی جانب سے جیل میں صحافیوں کو ٹارچر کیا جارہا ہے کیونکہ کشمیری صحافیوں نے بھارتی بربریت کو بے نقاب کرنے کا جرم کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیا دنیا صرف مذمت تک محدود رہے گی، عالمی صحافتی تنظیمیں کشمیری صحافیوں کی گرفتاری پر آواز بلند کریں۔

شال بقیہ 24

پیسے مہنگا ہوا، چینی کی فی کلو قیمت میں اوسطاً 3 روپے 23 پیسے اضافہ ہوا، گھی کی قیمت 6 ماہ میں فی کلو 46 روپے 73 پیسے بڑھی، مٹن 101 روپے 7 پیسے، بیف 62 روپے 2 پیسے فی کلو مہنگا ہوا۔ نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں دستاویزات کے حوالے سے بتایا کہ دہی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے 19 پیسے کا اضافہ ہوا، دال مسور 25 روپے 74 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں انڈے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے دور میں پیاز 16 روپے 27 پیسے، ٹماٹر 11 روپے 38 پیسے، آلو 7 روپے 59 پیسے فی کلو اور لہسن کی فی کلو قیمت میں 102 روپے 54 پیسا اضافہ ہوا، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 6 ماہ میں 802 روپے 5 پیسے مہنگا ہوا، گڑ کی فی کلو قیمت 17 روپے 24 پیسے بڑھی، تازہ دودھ کی فی لیٹر قیمت میں 4 روپے 55 پیسے کا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق وزیرخزانہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے عرصے میں دال مونگ 65 روپے 23 پیسے، دال ماش 16 روپے 86 پیسے کلو سستی ہوئی، دال چنا کی فی کلو قیمت 2 روپے 8 پیسے کم ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں زندہ مرغی فی کلو 7 روپے 32 پیسے سستی ہوئی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم عمران خان نے شوکت ترین کو بطور وزیرخزانہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کا ٹاسک دیا تھا، حکومتی ارکان نے حفیظ شیخ کی وزیرخزانہ کے عہدے سے ہٹانے کی وجہ مہنگائی قرار دی تھی۔

شال بقیہ 25

مالیاتی پالیسیوں کی یادداشت پر مفاہمت نہ ہوسکی اور عالمی مالیاتی ادارے نے پاکستان سے ڈومور کا مطالبہ کردیا ہے۔ دوسری جانب وزیر خزانہ شوکت ترین دورہ امریکا کے دوسرے مرحلے میں نیویارک پہنچ گئے ہیں، اس دورے میں گورنر اسٹیٹ بینک رضا باقر بھی ان کے ساتھ ہیں۔ واضح رہے کہ شوکت ترین کی وزیرخزانہ کی حیثیت سے مدت گزشتہ روز ختم ہوگئی تھی جس کے بعد انہیں مشیر بنائے جانے کے حوالے سے خبریں زیر گردش ہیں۔ حکومت نے گزشتہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 روپے 44 پیسے فی لیٹر تک اضافہ کیا تھا جبکہ اس سے ایک روز قبل بجلی کی قیمتوں میں بھی اضافہ کیا گیا تھا۔

شال بقیہ 26

ہیں، حکمرانوں کی بے تدبیریوں کی وجہ سے ملک افراتفری کا شکار ہوچکا ہے۔ عالم اسلام کی امیدوں کا محور پاکستان غلط پالیسیوں کی وجہ سے روبہ زوال ہے۔ قرآن وسنت کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر ہی پاکستان کو دنیا میں کھویا ہوا مقام دلوایا جاسکتا ہے۔ حکمرانوں کو اللہ کا ذرا بھی خوف ہوتا تو شریعت سے متصادم قانون سازی کی جرات نہ کرتے جماعت اسلامی حقیقی معنوں میں ملک کو اسلامی و فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے نوجوان مایوسی کی بجائے جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے ظالم حکمرانوں کے خلاف جدوجہد کا آغاز کریں۔ اسلام آباد میں 31 اکتوبر کو بے روزگار نوجوانوں کا احتجاج ملک میں فیصلہ کن حکومت مخالف تحریک کی بنیاد بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں مرکزی یوتھ بورڈ کے اجلاس، تیمر گرہ میں قرآن کلاس کی اختتامی تقریب اور تحریکی پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی امیر العظیم، صدر جے آئی یوتھ پاکستان زبیر احمد گوندل، امیر جماعت اسلامی پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، نائب امیر جماعت اسلامی کے پی مولانا اسماعیل، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصراللہ رندھاوا، امیر جماعت اسلامی راولپنڈی سید عارف شیرازی سمیت دیگر ذمہ داران شریک تھے۔ سراج الحق نے تیمر گرہ میں قرآن کلاس کی اختتامی تقریب سے خطاب کیا قرآن کلاس نماز فجر کے بعد پانچ روز جاری رہی جس میں روزانہ ہزاروں افراد شریک ہوئے۔

شال بقیہ 27

پوسٹ کے اسٹاف اور ایف سی نوشکی نے مشترکہ طور پر بڑے پیمانے پر منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 1575 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کرلیا ہے اور دس کلوگرام ایکس میتھام فیٹامائن نامی ڈرگ بھی برآمد کرلی ہے منشیات کی قیمت 36 کروڑ روپے بنتی ہے تین افراد کو گرفتار کرکے ایف آئی آر درج کرلی گئی۔ اور مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 28

سماعت کا آغاز کریگا محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے قائم کمیشن کی سماعت آج سے جسٹس (ر) فضل الرحمن کی صدارت میں سکندر جمالی آڈیٹوریم کوئٹہ میں ہوگی پہلے روز کوئٹہ، چمن اور مستونگ کے 13 کیسز سنے جائیں گے جبکہ سماعت 30 اکتوبر تک جاری رہے گی۔

شال بقیہ 29

بلوچستان جام کمال خان اتوار کو کوئٹہ سے گوادر روانہ ہوگئے جہاں وہ چوتھی آف روڈ گوادر جیپ ریلی کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے اور نمایاں کارکردگی دکھانے والوں میں انعامات تقسیم کریں گے وزیراعلیٰ کی آج پیر کو کوئٹہ واپسی متوقع ہے۔

شال بقیہ 30

کے نجی اسپتال میں جان کی بازی ہار گیا، جبکہ زلزلہ متاثرین کا سامان دوسرے علاقے لے جانے کی کوشش پر ایک شخص کو گرفتار کرلیا گیا، علاقے میں آفٹر شاکس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ بلوچستان کے ضلع ہرنائی میں 6 اور 7 اکتوبر کی درمیانی شب آنیوالے زلزلے میں زخمی ایک اور شخص کراچی کے اسپتال میں دوران علاج انتقال کرگیا، واقعے میں تقریباً 2 درجن افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ محلہ ہرنائی کا رہائشی محمد عاشق کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ ادھر ہرنائی میں زلزلہ متاثرین کا امدادی سامان سنجاوی لے جاتے ہوئے ایک شخص کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سہیل انور ہاشمی کے مطابق لیویز نے تلاشی کے دوران ویگن میں خیمے اور راشن ہرنائی سے سنجاوی لے جاتے ہوئے ایک شخص کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ہرنائی میں زلزلے کے بعد آفٹر شاکس کا سلسلہ بھی جاری ہے، آج (ہفتہ کو) بھی 3.3 شدت کا زلزلہ ریکارڈ کیا گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی زیر زمین گہرائی 15 کلومیٹر تھی جبکہ زلزلے کا مرکز ہرنائی کے قریب تھا۔

شال بقیہ 31

فورس سوراب کے مطابق تحصیل گدر پھڈ ایریا میں مقامی لوگوں نے مسلم ولد عبدالخالق اور مسماۃ (ر) کو سیاہ کاری کے الزام میں گرفتار کیا گیا اور پھر لڑکے کو مار پیٹ کر کے چھوڑ دیا وہ لڑکا آج دوپہر 12 بجے کے بعد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پاگئے تو دوسری جانب مسماۃ (ر) کو مقامی لوگوں نے گولی مار کر قتل کردیا دونوں نعشوں کو پولیس فورس سوراب نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سوراب منتقل کردیا گیا ہے واضح رہے کہ صبح کے وقت اس معاملے پر چوری ڈکیتی کی جو خبریں چل رہی تھیں وہ بے بنیاد ہیں۔

شال بقیہ 32

ساعت سے محروم افراد کے لئے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ کی کمنٹری کے اہتمام کو سراہتے ہوئے اسے ایک بہت اچھا اقدام قرار دیا ہے۔ اتوار کو اپنے بیان انہوں نے پی ٹی وی نیوز کی جانب سے ٹی 20 ورلڈ کپ کی تازہ خبروں اور لائیو تجزیئے نشر کرنے اور سماعت سے محروم افراد کے لئے کمنٹری کا اہتمام کرنے کی خبر شیئر کرتے ہوئے اس اقدام کو سراہا ہے۔

شال بقیہ 33

ساروں میں پگ پہنانے کی رسم میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم نے سب سے پہلے سردار غلام مرتضیٰ عرف راجہ بابا خاکتیلی سے ملاقات کی اور انکے والد سردار غلام مصطفیٰ کے لئے دعا کی اور انکی قبر پر فاتحہ خوانی کی۔ پھر عوام کی ایک بڑے ہجوم نے ارباب صاحب کا پگ پہنانے کی رسم میں استقبال کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ارباب غلام رحیم نے کہا کہ سردار غلام مصطفیٰ اچھے انسان تھے اور میری ان سے پرانی وابستگی تھی۔ سردار غلام مرتضیٰ عرف راجہ بابا خاکتیلی نے مجھے اس اہم موقع پر دعوت دی اور مجھے پگ پہنانے کا موقع دیا یہ بڑی بات ہے۔ اب سردار غلام مرتضیٰ نہ صرف اپنے علاقے کی بلکہ اپنی پوری برادری کے ذمہ دار ہیں۔

شال بقیہ 34

پیسے مہنگا ہوا، چینی کی فی کلو قیمت میں اوسطاً 3 روپے 23 پیسے اضافہ ہوا، گھی کی قیمت 6 ماہ میں فی کلو 46 روپے 73 پیسے بڑھی، مٹن 101 روپے 7 پیسے، بیف 62 روپے 2 پیسے فی کلو مہنگا ہوا۔ نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں دستاویزات کے حوالے سے بتایا کہ دہی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے 19 پیسے کا اضافہ ہوا، دال مسور 25 روپے 74 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں انڈے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے دور میں پیاز 16 روپے 27 پیسے، ٹماٹر 11 روپے 38 پیسے، آلو 7 روپے 59 پیسے فی کلو اور لہسن کی فی کلو قیمت میں 102 روپے 54 پیسا اضافہ ہوا، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 6 ماہ میں 802 روپے 5 پیسے مہنگا ہوا، گڑ کی فی کلو قیمت 17 روپے 24 پیسے بڑھی، تازہ دودھ کی فی لیٹر قیمت میں 4 روپے 55 پیسے کا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق وزیرخزانہ شوکت ترین کے 6 ماہ کے عرصے میں دال مونگ 65 روپے 23 پیسے، دال ماش 16 روپے 86 پیسے کلو سستی ہوئی، دال چنا کی فی کلو قیمت 2 روپے 8 پیسے کم ہوئی، حالیہ 6 ماہ میں زندہ مرغی فی کلو 7 روپے 32 پیسے سستی ہوئی۔ واضح رہے کہ وزیراعظم عمران خان نے شوکت ترین کو بطور وزیرخزانہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کا ٹاسک دیا تھا، حکومتی ارکان نے حفیظ شیخ کی وزیرخزانہ کے عہدے سے ہٹانے کی وجہ مہنگائی قرار دی تھی۔

شال بقیہ 35

ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی پر الزام لگانے سے پہلے شاہ محمود قریشی آئینے کے سامنے کھڑے ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نالائق وزیر اعظم اور نااہل وزیر خارجہ ہوتو ملک کا یہ حال ہوتا ہے، پیپلز پارٹی نے شاہ محمود قریشی سے وزارت خارجہ واپس لی تھی۔ انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی خارجہ امور کم چاپلوسی زیادہ کرتے ہیں، ملتان میں پی ٹی آئی کے ایم این اے شاہ محمود قریشی کی کرپشن سے پریشان ہیں، شاہ محمود قریشی کا خیال ہے وہ عمران خان کی جگہ لیں گے، شاہ محمود قریشی اپنی وزارت کی کارکردگی تو بتائیں۔

شال بقیہ 36

کرتے ہیں اور پانی کا ضیاع کرتے ہیں تو وہ اخلاقی طور پر معاشرے کا مجرم ہوگا اس دوران بشیر ٹاؤن، بہادر آباد، حسین آباد اور مومن آباد بنیادی کونسلوں نے مختلف محلوں میں کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا جس سے سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزادہ، نائب چیئرمین اول مرزا حسین ہزارہ، نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ، سیکرٹری اطلاعات و رکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل اراکین مرکزی و ضلعی کونسل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایچ ڈی پی ایک قومی عوامی جماعت ہے جو عوام کی طاقت پر یقین رکھتی ہے ہم امن، محبت، رواداری، اور بھائی چارے کے پرچار کے ذریعے شہر، صوبہ اور ملک میں امن و ترقی و خوشحالی کے خواہاں ہے۔

شال بقیہ 37

حکومت نے ان کے لیے کیا کیا ہے عوام کی حمایت سے پی ڈی ایم اور دوسرے مخالفین کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے اور ترقی کا جو سفر موجودہ صوبائی حکومت نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں شروع کیا ہے وہ پایہ تکمیل تک ضرور پہنچے گا۔

شال بقیہ 38

ہی کا مقصد شہریوں کی سرکاری آفیسران تک رسائی کو آسان بنانا ہے تاکہ ان کے مسائل و شکایات معلوم کرکے ان کا فوری ازالہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی کوشش ہے کہ عوام کے مسائل ان کے گھر کی دہلیز پر حل کیے جائیں اس ضمن میں صوبے کے زیادہ تر اضلاع ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، نصیر آباد، ڈیرہ بگٹی، جعفرآباد، مستونگ، سبی، بارکھان، بھیت پور، قلات، واشک، نوشکی میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ افسران عوام کی شکایات و مسائل حل کرنے پر توجہ دیں اور قانون کی روشنی و میرٹ پر ان کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور درخواست گزاروں کے ساتھ اچھے رویے سے پیش آتے ہوئے انہیں تسلی بخش ریلیف فراہم کریں۔

شال بقیہ 39

کہا کہ دیکھتے ہی دیکھتے حکومت کو 4 سال مکمل ہوجائیں گے اور پانچواں سال الیکشن کا ہوگا، ہر آدمی اپنے حلقے میں ہوتا ہے، اللہ کا شکر ہے ہم نے اپنے حلقے کے عوام سے جو وعدے کیے تھے وہ سب مکمل ہونے والے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ میں واضح طور پر کہنا چاہ رہا ہوں کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے، گزشتہ دسمبر میں آپ نے کہا تھا کہ عمران خان جارہے ہیں۔

شال بقیہ 40

سے کوئٹہ کے سول ہسپتال پہنچی تو انہوں نے اپنے بچوں سے ملنے کا فیصلہ کیا۔ بی بی خدیجہ (فرضی نام) جب اپنے بچوں سے ملی تو ان کی 12 سالہ بیٹی آمنہ (فرضی نام) نے والدہ سے ڈرتے ہوئے کہا کہ بابا نے میرے ساتھ جنسی زیادتی کی ہے۔ جس کے بعد خدیجہ متاثرہ بیٹی کو ہسپتال لے گئیں جہاں ایک خاتون ڈاکٹر نے بچی سے زیادتی کی تصدیق کی۔ پولیس سے حاصل کردہ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ملزم ضیا الدین کے خلاف تعزیرات پاکستان کے دفعہ 376 کے تحت بچی کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کردیا گیا ہے۔ دفعہ 376 کے تحت اگر ملزم پہ جرم ثابت ہوجائے تو انہیں سزائے موت یا پھر کم از کم 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 25 سال سزا سمیت جرمانہ بھی عائد کیا جاسکتا ہے۔ دفعہ 376 ناقابل ضمانت۔ سال 2018 کے دوران خواتین پر تشدد کے 145 واقعات میں 56 خواتین اور 25 مرد قتل ہوئے جن میں 35 خواتین اور 19 افراد کو غیرت کے نام پر قتل ہوئے بلوچستان میں سال 2019 کے دوران خواتین پر تشدد کے 118 واقعات میں 69 خواتین اور 11 مرد قتل ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 41

طور پر زیر علاج ہیں، رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس سے ہونے والی اموات کی تعداد 352 ہے۔

شال بقیہ 42

ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جن حکمرانوں نے زندگی میں خود کوئی خرید و فروخت نہیں کی۔ وہ کب اور کیسے مہنگائی کے عذاب کو سمجھ سکتے ہیں۔ اور وہ کیونکر عوام کو ریلیف دے سکے گے۔ بیان میں کہا گیا کہ سلیکٹڈ وزیراعظم نے انتخابات سے قبل بلند و بانگ دعوے کئے تھے۔

شال بقیہ 43

کے صدر حاجی غلام حیدر چاچڑ کی سربراہی میں غوثیہ مسجد سے نکالی گئی جو کہ مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی النگہ پیٹرول پمپ پر پہنچی جہاں پر مقررین نے حضور اکرم ﷺ کی سیرت مبارکہ کے مختلف گوشوں پر روشنی ڈالی اور نعت رسول بھی پیش کی گئیں۔ موٹر سائیکل ریلی دوبارہ غوثیہ مسجد پہنچ کر اختتام پزیر ہوئی۔ تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام نکالی جانے والی جشن عید میلاد النبی موٹر سائیکل ریلی میں سینکڑوں عاشقان رسول نے شرکت کی۔ بختیار آباد لیویز انتظامیہ کی جانب سے ریلی کے شرکاء کے لئے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے۔

شال بقیہ 44

سالوں سے خالی ہے جس کی وجہ سے درجنوں خواتین موت کے منہ میں جاچکی ہیں علاج معالجہ کی سہولت نہ ہونے سے ہسپتال ویران ہوچکا ہے۔

شال بقیہ 45

گشت میں مزید اضافہ کریں تاکہ آئندہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع زیارت میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے امن وامان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 46

کہ مودی حکومت کا اصل ہدف ہے جب سے بی جے پی کی انتہا پسند حکومت نے آسام میں رسوائے زمانہ شہریت قانون منظور کیا ہے وہاں کے مقامی لوگوں کو دراندازقرار دے کر ان کے گھروں اور زمینوں سے انہیں جبراً نکالا جارہا ہے اور انہیں ایسی جگہوں کی طرف دھکیلا جارہا ہے جہاں زندگی کی بنیادی سہولتیں بھی موجود نہیں۔

شال بقیہ 47

امدادی اداروں سے مل کر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب تک شہر میں محلہ اختر آباد ملی اریا محلہ میانی آباد سید آباد سمیت کلی لال خانکی تاکنگلی دیوان شاہ کلی دیوان دیوان شاہ کلی سرکان کلی ٹھٹھا کلی روشنی محلہ نیو جلال آباد کلی قلعہ غوژہ غوسیا اور شابرگ سمیت دیگر علاقوں میں راشن خیمے چٹائیاں کمبل رضائی کوکنگ آئل چائے کی پتی چینی و دیگر خوردونوش و غیر خوردنی ضروری اشیاء سیکورٹی اداروں صوبائی و وفاقی اور بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے ہزاروں خاندانوں میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ اور مزید امدادی سامان متاثرین میں تقسیم کیا جائے گا۔

شال بقیہ 48

گرفتار کیا گیا ہے گرفتار افراد کا محکمہ صحت تفتان کی ٹیم نے کرونا ٹیسٹ کیا جو سب کلیئر قرار پائے۔ گرفتار افراد میں سے 77 افراد کا تعلق پنجاب، 30 کا خیبر پختونخواہ، 9 افراد کی تعلق آزاد کشمیر، 1 کا تعلق بلوچستان 5 افراد کا افراد کا تعلق سندھ سے ہیں۔ راہداری گیٹ انچارج نائب رسالدار الٰہی بخش نوتیزئی کے مطابق 18 افراد کو مستند پاکستانی شناختی دستاویزات نہ ہونے کے باعث ایران واپس کردیا گیا۔ تمام گرفتار افراد کو محکمہ صحت کے اہلکاروں نے بارڈر پر ہی کرونا ٹیسٹ کیئے جو کلیئر قرار پائے۔ گرفتار افراد کو مزید تحقیقات کے لیے ایف آئی اے حکام کے حوالے کردیا گیا کے حوالے کردیا گیا۔

شال بقیہ 49

لیکن انہیں دوسرے اضلاع میں ٹرانسفر کرکے انہیں معاشی خستہ حالی کا شکار کررہے کوہلو کے پولیس نوجوانوں کا کیا قصور ہے کہ انہیں ہر دو ماہ بعد دوسرے اضلاع میں بھیجا جاتا ہے بیان میں مزید کہا گیا کہ پولیس کے اعلیٰ حکام سے فوری طور پر ٹرانسفر کردہ اہلکاروں کی ٹرانسفر روکنے کا مطالبہ کرتے ہیں اور اعلیٰ حکام سے یہ بھی گزارش ہے کہ ضلع کوہلو میں پولیس تھانوں کی جلد از جلد منظوری کو یقینی بنایا جائے تاکہ پولیس کے نوجوان دوسرے اضلاع میں دربدر ہونے کے بجائے اپنے ضلع میں اپنی فرائض کو بہتر طریقے سے سرانجام دیں۔

شال بقیہ 50

کمار ولد گنگارام اور ایک خاتون جو ستونتیوں کی والدہ تھیں جاں بحق ہوگئے ہلاک ہونے والوں کا تعلق ایک ہی گھر اور ہندو محلہ بیلہ سے ہے اور میونسپل کمیٹی بیلہ کے سابق کونسلر بی اے پی کے راہنما ہریش کمار لاسی کے بھائی اور والدہ ہیں حادثے کی اطلاع پاتے ہی ایس ایچ او بیلہ حاصل قمبرانی نفری کے ہمراہ جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور نعشوں کو سول اسپتال بیلہ منتقل کرکے ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئیں۔ خبر ملتے ہی لسبیلہ کی ہندو برادری میں کہرام مچ گیا۔

شال بقیہ 51

ہے ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف گلیوں کے کالونیوں اور دیگر سرکاری سفید پلاٹوں پر قبضہ مافیا سرگرم ہیں اور تو اور اہم محکمہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر سیول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے اراضی پر بھی قبضہ، مافیا نے سیول ہسپتال کے اردگرد 42 ہزار اسکوائر فٹ پر قبضہ، مافیا نے بنگلا بناڈالا اب قبضہ مافیا اسپتالوں کے اراضی پر بھی قبضہ کرنے لگے مگر نصیر آباد ضلعی انتظامیہ کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے۔

شال بقیہ 52

بیدار ہونے کو تیار ہی نہیں ہوری اگر حالات ایسے ہی رہے تو وہ دن دور نہیں جب عوام کا سمندر اپنے حقوق کے لئے بنی گالہ کے سامنے کھڑا ہوگا ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تبدیلی سرکار آئی ایم ایف کو خوش کرنے کے لیے غریب عوام پر مہنگائی کے بم گرا رہی ہے مہنگائی کی وجہ سے لوگوں کی دوکانیں خالی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں غریب عوام کا پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔

شال بقیہ 53

کی شام لسبیلہ زرعی یونیورسٹی اوتھل میں پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے عہدے داران اور ارکان سے منعقدہ میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لسبیلہ زرعی یونیورسٹی اوتھل میں پی ایس ایف کے عہدے داران اور ممبران کو درپیش مشکلات اور مسائل کا حل ممکن بنانے کیلئے پارٹی بھرپور تعاون کرے گی پارٹی اور پی ایس ایف کے درمیان موثر رابطہ کاری کیلئے حکمت عملی طے کی جائے گی۔

شال بقیہ 54

34-(2)506-337A2 میں مطلوب مفرور ملزم کو حسب ضابطہ گرفتار کرکے مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 55

مریضوں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے لیکن پی پی ایچ آئی کی جانب سے ادویات فراہم کرنا اونٹ میں زیرے کے برابر ہے۔ میڈیکل آفیسر اور عملہ تو ہے لیکن ادویات نہ ہونے کی وجہ سے وہ بھی سارا دن پریشانی کے عالم میں گزارتے ہیں۔ پی پی ایچ آئی کی جانب سے فراہم کردہ ادویات دس دن تک نہیں چلتی اور بقایا دنوں میں مریضوں کو ادویات لکھ کر دیتے ہیں کہ وہ باہر سے لیں۔ پی ایچ یو سندھ بلوچستان کے باڈر پر ہونے کی وجہ سے آئے روز مبینہ طور پر حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں لیکن ایمبولینس کی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو کافی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

شال بقیہ 56

ی عبدالمجید شیخ سمیت دیگر سیکورٹی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بارہ ربیع الاول کے موقع پر ہونے والے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا اسی روز جلسہ وجلوس کے شرکاء کو فول پروف سیکورٹی فراہم کرنے کے بارے میں غور وخوض ہوا۔ اجلاس میں فورتھ شیڈول لسٹ میں شامل افراد کی خصوصی نگرانی کا فیصلہ ہوا۔ اجلاس میں مختلف سیکورٹی اداروں کے نمائندوں نے اپنی رپورٹ و تجاویز پیش کئے۔ اجلاس میں حفاظتی امور کو بہتر بنانے کے لئے ایک دوسرے سے روابط رکھنے اور بارہ ربیع الاول کے روز تمام امن کو برقرار رکھنے کا فیصلہ ہوا۔

شال بقیہ 57

ٹیچر کا تبادلہ کرکے اسے ڈسٹرب کرنا اصولوں کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل سیا ایک جے وی ٹیچر کا ٹرانسفر کرکے ایک غیر مقامی ٹیچر کی پوسٹنگ ڈائرکٹر (اسکولز) کوئٹہ سے کرانا سمجھ سے بالاتر ہے۔ اس غیر قانونی ٹرانسفر کو فوری طور منسوخ کیا جائے۔ کیوں کہ آئے روز تبادلوں سے لسبیلہ کے تعلیمی ماحول پر منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ اور ٹیچرز ذہنی اضطراب کا شکار ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کچھ مفاد پرست عناصر اپنے مفاد کی خاطر ڈائریکٹر اسکولز کو غلط معلومات فراہم کرکے اپنی من پسند ٹیچر کا ٹرانسفر کرکے جہاں پہلے ہی سے پوسٹ پر ٹیچر تعینات ہے کچھ عناصر نے دروغ گوئی سے غلط معلومات فراہم کرکے آرڈر کروائے۔ جبکہ مذکورہ پوسٹ پر پہلے ہی سے ایک مقامی ٹیچر تعینات ہے۔ اگر غیر مقامی استانی کا ٹرانسفر آرڈر کینسل نہ کیا گیا تو جی ٹی اے بھرپور احتجاج کرے گی۔ پر امن تعلیمی ماحول کو خراب کرنے کی تمام تر ذمہ داری محکمہ تعلیم کے افسران بالا پر ہوگی۔

شال بقیہ 58

خواتین اور اداروں کی طرف سے مختلف کاروباری اور ثقافتی اسٹال لگائے گئے، ویمن ایکسپو کا افتتاح سیکرٹری محکمہ ترقی خواتین ظفر بلیدی نے کیا اس موقع پر ایم ڈی لیڈا، کرنل ایف سی عامر رضا، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر وقار حسن چیمہ، دوست محمد بلوچ وائس چانسلر سیکرٹری چیمبر رفعت اللہ انجم، وشہ لاسی، ڈائریکٹر تعلیم زلیخہ کریم خلیل روجھو اور دیگر موجود تھے دوروزہ فیسٹیول میں حب کی خواتین کی بڑی تعداد نے اسٹال کے وزٹ کے دوران خریداری کی فیسٹیول میں لسبیلہ یونیورسٹی، واتگ، اپنا، سیمڈا، گرلز اسکولز، ورکرز ویلفیئر بورڈ، رئیس آر ایس پی، یوتھ ایف، حب سالٹ، بی پی ایچ آئی، لیڈا، چیمبر اور دیگر محکموں کے اسٹال کے ساتھ کھانے پینے، کلچرل ڈریس، مہندی و دیگر خواتین کی دلچسپی کے لیے اسٹال لگائے گئے تھے۔

شال بقیہ 59

میں تعیناتی میں وہ وہاں پر ذلیل وخوار ہورہے ہیں، انہوں نے احکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ جو پولیس اہلکار کوہلو سے باہر ڈیوٹی دے رہے ہیں ان کو وہاں سے ٹرانسفر کرکے کوہلو میں تعینات کیا جائے، انہوں نے کہا کہ اگر کوہلو پولیس ملازمین کے ٹرانسفر کینسل نہیں کیے گئے تو نیشنل پارٹی ان کے حق میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کرے گی۔

شال بقیہ 60

قاسم شاہ جیلانی، سید سلیمان سلطان، مظفر نسیم، عامر نجوانی، وجے کمار، عامر بلال، ابو بکر مستوئی، ایڈووکیٹ نیاز احمد ساسکری، مختیار قادری، عبدلجبار کلاچی، بابر خان عمرانی، عبدلجبار سمیجہ ہوتا خان جمالی اور دیگروں نے شرکت اس موقع پر میر حیدر علی جمالی اور دیگر شرکا نے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے طوفان پر بات چیت کی اور کہا کہ عوام کو تباہی کے دھانے پر چڑھا دیا گیا ہے لوگ ایک وقت کی روٹی کے لیے بھی پریشان کررکھا ہے۔

شال بقیہ 61

ہوئے کہا ہے کہ پورے بلوچستان میں کثیر تعداد میں کمہار عباسی کلہوڑو موجود ہے لیکن اتحاد نہ ہونے سے ہم ایک دوسرے سے رابطے قائم نہیں ہے کوئی بھی قوم اتحاد کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی جس قوم میں اتحاد واتفاق نہیں ہے وہ قومیں تباہ اور برباد ہوجاتی ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان تعلیم پر توجہ دے تاکہ اپنے مستقبل بہترین طریقے سے سوار سکے انہوں نے کہا کہ انجمن اتحاد عباسیہ کے قائد ڈاکٹر شفقت حسین عباسی کی سربراہی میں تمام عباسی قوم منظم اور متحد ہے انہوں نے نوجوانوں کو ہدایت دی کہ وہ انجمن اتحاد عباسیہ کا پیغام گھر گھر لے جائے تاکہ قوم مزید مضبوط ہو۔

شال بقیہ 62

کو پانی کے علاوہ کچھ نہیں ملا آنے والے الیکشن میں جعفرآباد میں تبدیلی کا امکان ہے عوام کو چاہیے کہ اس مرتبہ اچھے نمائندوں کا انتخاب کریں تاکہ ان کو مزید تکلیف نہ ہو جعفرآباد کے گرین بیلٹ کو پانی فراہم نہ کر کے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی کو بنجر بنایا گیا ہے منتخب نمائندے جاتے تو کینال کو پانی فراہم کرسکتے تھے۔

شال بقیہ 63

کے طور پر دیئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے حقدار وغم دست زمینداروں کی حق تلفی ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے نمائندگان اور خصوصی طور پہ وہ نمائندے جنکی پارٹی کی صوبے میں حکومت ہے وانکا وزیراعلیٰ موجود ہے، انکی جانب سے عام حقدار غریب زمینداروں کو مکمل طور پہ نظرانداز کیا جارہا ہے اور یہ ظلم و علاقائی استحصال کی انتہاء ہے، انہوں نے کہا کہ ہاشکیل کے ضرورتمند زمیندار ہم سے رابطے میں ہیں اور انکے شکایات کے مطابق سو فیصد صرف اور صرف سیاسی بندر بانٹ کی جارہی ہے جسکی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

شال بقیہ 64

باعث انہیں آئی سی یو میں رکھا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق خاتون پہلے بھی 2 بیٹیوں کی ماں ہے، ماں اور تمام بچے صحت مند ہیں۔

شال بقیہ 65

گوہر ملازئی آٹو مستری کے عجب خان ناصر فلاحی تنظیم کے نصر اللہ ملازئی زنجیل نوجوان فلاحی تنظیم آغا ایسوی ایشن کے قادر خان ہوٹل ایسوی ایشن کے اللہ نذر کاکڑ نے پریس کلب کا نفرنس کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی شہر میں بنیادی مسائل سے عوام دوچار ہے جن میں امن وامان بے روزگاری مہنگائی ہسپتال میں ڈاکٹرز اور سہولیات کا نہ ہونا۔

شال بقیہ 66

کے ذمہ دار جج افتخار کے بارے میں فیصلے کا تعلق ہے اس بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں مورس سلیم نے کہا کہ جج کو ہٹانا یا لگانا سیاست نہیں بلکہ عدلیہ کا کام ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ فوج اور انٹیلی جنس ڈائریکٹوریٹ تحقیقات سے متعلق دباؤ کا شکار نہیں ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ طیونہ میں جو کچھ ہوا اسے دہرایا نہیں جائے گا۔ وہاں کوئی متوقع پیش رفت نہیں اور سیکورٹی فورسز تعینات ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ لبنان کے دارالحکومت میں جمعرات کو پرتشدد جھڑپیں شروع ہوئیں، جو خانہ جنگی کے برسوں کی یاد دلاتی ہیں۔ یہ جھڑپیں بیروت کی بندرگاہ میں ہونے والے دھماکے کی تحقیقات سے منسلک سیاسی کشیدگی کو نمایاں کرتی ہیں۔

شال بقیہ 67

تقریباً 35 سال جامعہ بلوچستان کے شعبہ فزکس میں خدمات سرانجام دیں، وہ ایک شفیق استاد، بہترین محقق اور اعلیٰ ظرف انسان تھے، ڈاکٹر صاحب شعبہ فزکس کے چیئرمین، ڈین اور میریٹوریس پروفیسر رہے اور یہاں تک کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی بلامعاوضہ چار سال تک شعبہ فزکس میں پڑھاتے رہے۔ ڈاکٹر صاحب جامعہ بلوچستان کے سنڈیکیٹ اور دیگر پالیسی ساز اداروں کے ممبر بھی رہے جہاں انہوں نے ہمیشہ جامعہ کی تعلیمی و تحقیقی بہتری کے لئے بھرپور آواز اٹھائی۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، نائب صدر، فرید خان اچکزئی، جنرل سیکرٹری عبدالباقی جتک اور کابینہ کے دیگر تمام ممبران نے پروفیسر ڈاکٹر حسن رضا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ پاک مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کی درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 68

شرکت کی۔ تقریب سے حکیم محمد عثمان، مسز زرتاشیہ عمر سائرہ اقبال اپنے خطابات میں کہا کہ خواتین کو ہنرمند بنا کر ہی ملکی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے، ناکس ویلفیئر سوسائٹی کا ووکیشنل ٹریننگ پروگرام خوش آئند اقدام ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on Composite Schedule of Rates 2018 Government of Balochistan amended upto date from interested contractors / Firms with detail terms and conditions given below. The tender fee will be deposit through challan in National Bank of Pakistan Kharan under the head of account C-03434 (irrigation Receipt) at the rate of Rs.5000/- for the work mentioned below:- EARNEST MONEY 4% of Bid cost. And Date of Completion Upto 30th June 2023 from the date of start. For the work.

S. #	NAME OF WORK.	ESTIMATED COST
1.	Construction of Sothgaan Dam Noroz Kalat District Kharan – PSDP No.1706 (2021-22).TSE190380	Rs.150.000 Million

Procurement shall be made under BPPRA Rules 2014. **Eligibility of bidders:** - a) Registrations with relevant taxation department i.e (NTN), Income Tax / Sales Tax Department, Balochistan Revenue Authority (BRA) updated.b) Registration with Pakistan Engineering Council in Relevant Category and Discipline Code CE-04 Dams valid for the year 2021-22. Turn-over of at least last Three (3) years upto limit of Rs.100.000 Million. Rate analysis of offered rates.e) Bank Guarantee OR CDR in case of rate offered below 10% of the total cost. **Method of procurement:** Single stage, Two envelope procedure. **Bid Security:** The bid must accompany Bid Security in the form of Call Deposit of amount specified above in the name of undersigned from a schedule bank. **Bidding / Tender Documents.- Issuance:** Bidding documents will be issued on submission of request by the contractor on his original letter head from the date of publication of advertisement in Newspapers on presentation of requisite documents as required in basic eligibility criteria i.e. Tender Fee (Nonrefundable in shape of green challan in the head of (C-03434), Bid Security / Earnest Money (in the shape of call deposit from the account of firm, the call deposit amount must be deposited by contractor's Firm / Title account), valid Pakistan Engineering Council Certificate, Income Tax Certificate (NTN), registration from BRA etc. (In original). The tender form will not be issued to the attorney holders of the contractors in any case. However, the partners and representatives of firm by producing their legal documents i.e partnership deed or firm certificates that he is the office bearer and is on the pay role of firm (duly attested by 1st Class Magistrate only) can participate. The power of attorney will be acceptable for this specific work. **Submission:** - Last date of submission of bids (Technical / Financial) will be **03rd November, 2021** at 1:00 PM. **Opening:** -The Tender (Technical) will be opened on **03rd November, 2021** at 2:00 PM before procurement committee in the presence of Contractors or their authorized representatives in the office of the Executive Engineer, Irrigation Division Kharan and for (Financial) Bids opening will be announced later on.- Bid validity Period: Ninety Days (90 days) .In case downloading of bidding documents from BPPRA website, the bidder / firm must to provide required document separately to this office before submission of bids. Place of issuance, submission, inquires and opening will be addressed: - Executive Engineering, Irrigation Division Kharan Telephone Number:0847-510933, Fax: 0847-510933. **Note:**- All documents / proof provided by the Contractors / Firms will be verified from concerned authorities / department.

PRQ NO.1326.17.10.2021

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KHARAN.

Pakistan Software Export Board (PSEB)

VACANCY ANNOUNCEMENT

PSEB is seeking to recruit competent and experienced professionals on contract basis for the project "Establishment of IT Park, Karachi".

S. No	POSITIONS	QTY
1.	Project Director (PPS-11)	01
2.	Senior Manager Planning (PPS-10)	01
3.	Accounts Officer/DDo (PPS-08)	01
4.	Project Assistant (PPS-6)	01
5.	Support Staff (PPS-3)	01

- Detailed Job Descriptions, qualification and Job Specifications for each position is available at https://pseb1.brightspyre.com/jobs and in https://njp.gov.pk.
- Only online application will be considered.
- PSEB management has rights to post employees anywhere in Pakistan.
- Candidates short-listed on merit will be called for test/interview for which no TA/DA shall be admissible.
- Application must be submitted within 15 days of publication of this advertisement.

MANAGER ADMIN & HR
Pakistan Software Export Board (G) Ltd.
2nd Floor, Evacuee Trust Complex,
F-5, Aga Khan Road, Islamabad.
Ministry of Information Technology & Telecom,
Government of Pakistan.
051-9204074 (Ext 127), 051-9201422
URL: www.pseb.org.pk

جام کمال بلوچستان کے وزیر اعلیٰ ہیں اور رہیں گے، مٹھا خان کاکڑ

صوبائی حکومت اپنی موجودہ آئینی مدت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں پوری کرے گی

پی ڈی ایم اور ان کے اتحادی اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہا ہے جس میں وہ بری طرح ناکام ہو چکے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ و ماحولیات مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اپنی موجودہ آئینی مدت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں پوری کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے کے آج بھی وزیر اعلیٰ ہیں اور آئندہ بھی وزیر اعلیٰ رہیں گے پی ڈی ایم اور ان کے اتحادی اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہا ہے جس میں وہ بری طرح ناکام ہو چکے ہیں ان کا کوئی مستقبل نہیں ہے اور ان کو آگے اندھیرا نظر آ رہا ہے اسی بنا پر وہ منفی پروپیگنڈے کی سیاست کر کے عوام میں مایوسی پھیلا رہے ہیں مگر اب عوام باشعور ہیں وہ سمجھ گئے ہیں کہ کون ان کی مفاد میں ہے کون نہیں عوام ترقی چاہتی ہے اور گزشتہ تین سالوں سے دیکھ بھی چکی ہے کہ موجودہ صوبائی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عرفان نواز میمن ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقدہ نعت خوانی کے مقابلوں کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ضلع کوہلو میں پولیس تھانوں کی جلد از جلد منظوری کو یقینی بنایا جائے، بی این پی

کوہلو پولیس ملازمین کو دوسرے اضلاع میں ٹرانسفر کرنا ان کو معاشی موت مارنے کی مترادف ہے

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان نیشنل پارٹی کوہلو کے ضلعی سیکرٹریٹ سے ایک جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں کوہلو پولیس کے نوجوانوں کو دوسرے اضلاع میں ٹرانسفر کرنا ان کو معاشی طور پر قتل کرنے کی مترادف ہے اور ہم اس عمل کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں کوہلو پولیس کے جوان بھی انسان ہیں ان کے بھی فیملی ہے مہنگائی کے اس دور میں وہ اپنے قلیل تنخواہوں سے بڑی مشکل سے بچوں کا نان ونفقہ کا انتظام کر رہے ہیں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ایرانی حکام نے 122 پاکستانی شہریوں کو ڈی پورٹ کر دیا

تفتان (نامہ نگار) ایرانی حکام نے 122 پاکستانی شہریوں کو ڈی پورٹ کر دیا ڈیپورٹیز کو پاک ایران تفتان بارڈر راہداری گیٹ کے مقام پر لیویز حکام کے حوالے کر دیا گیا جنہیں ایران کے مختلف شہروں سے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

شہر اور گرد و نواح میں مچھر مار اسپرے کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی سید زاہد شاہ کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں شہر اور گرد و نواح میں مچھر مار اسپرے کا آغاز کر دیا گیا ہے گزشتہ رات ڈی ایچ او اور میونسپل کمیٹی سبی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں مچھر مار اسپرے کیا ڈپٹی کمشنر سبی سید زاہد شاہ نے متعلقہ عملے کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس موسم میں مچھروں کی بہتات ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے متعدد خطرناک بیماریوں کے پھیلنے کا اندیشہ رہتا ہے۔

آر سی ڈی خونی شاہراہ پر ایک اور حادثہ ماں دو نوجوان بیٹوں سمیت جاں بحق

حادثہ کار اور ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ہوا

اوتھل (نامہ نگار) آر سی ڈی خونی شاہراہ پر ایک اور حادثہ، اقلیتی برادری اور ایک ہی خاندان سے تعلق رکھنے والی ماں دو نوجوان بیٹوں سمیت جاں بحق، حادثہ کار اور ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کی علی الصباح آر سی ڈی شاہراہ پر اوتھل سے 40 کلومیٹر دور نیارہ کے مقام پر کراچی سے بیلہ جانے والی کار مخالف سمت سے کراچی جانے والے ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم ہو گیا جس کے نتیجے میں کار میں سوار چاند کمار جتن بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل سے رکن اسمبلی نصیب اللہ مری ملاقات کر رہے ہیں

خضدار میں امن وامان مجموعی طور پر بہتر ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) بشیر احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس اینڈ کوارڈینیشن کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ایس ایس پی خضدار ارباب احمد کاسی، ایف سی قلات اسکاؤٹس سے میجر حیدر، میجر حمزہ، انسپکٹر اسپیشل برانچ غلام فاروق امیر بخش غلامانی سپرنٹنڈنٹ ٹو ڈی سی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطوں کا فقدان ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

چیف سیکرٹری نے صوبے کے مختلف علاقوں کے دوروں کے دوران یہ محسوس کیا کہ انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطوں کا فقدان ہے

کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کی سرکاری آفیسران تک رسائی کو آسان بنانا ہے، مطہر نیاز رانا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی خصوصی ہدایت پر صوبے کے تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے صوبے کے دور دراز علاقوں کے لوگوں کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ چیف سیکرٹری نے صوبے کے مختلف علاقوں کے دوروں کے دوران یہ محسوس کیا کہ انتظامیہ اور عوام کے درمیان رابطوں کا فقدان ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ کھلی کچہریوں کے دوران تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے آفیسران بھی موجود ہوں تاکہ شکایات جس بھی محکمے سے ہو اس کو وہی پر حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے یہ بھی ہدایت کی کہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اپنے دفاتر عوام کیلئے کھلے رکھیں تاکہ عوام بغیر کسی روک ٹوک کے اپنے کام کروا سکیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ کھلی کچہری بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

جعفر آباد سے منتخب نمائندوں نے عوام کو مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں دیا

گرین بیلٹ گنداخہ کو پانی فراہم نہ کر کے لاکھوں ایکڑ زمین بنجر بنا یا گیا

بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے اور کامیابی کیلئے پر امید ہیں، میر ظفر خان پندرانی

گنداخہ (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی و قبائلی رہنما میر ظفر خان پندرانی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں ناکام رہی ہے آئندہ حکومت پیپلز پارٹی کی ہوگی نواب ثناء اللہ زہری اور اور قادر بلوچستان کی شمولیت سے پیپلز پارٹی بلوچستان میں مضبوط ہوئی ہے میر چنگیز خان جمالی کو پیپلز پارٹی بلوچستان کا صدر منتخب کر کے پارٹی قیادت نے اچھا فیصلہ کیا ہے جعفر آباد کے منتخب نمائندوں نے عوام بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

کوئی بھی قوم اتحاد کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی، ڈاکٹر لقمان حکیم کنبھار

مانجھی پور (نامہ نگار) انجمن اتحاد عباسیہ صوبہ بلوچستان کا نو منتخب کابینہ کا اجلاس صوبائی صدر انجمن اتحاد عباسیہ کے صدر ڈاکٹر لقمان حکیم کنبھار کی رہائش گاہ ڈیرہ اللہ یار میں منعقد ہوا اجلاس میں نو منتخب کابینہ کو انجمن اتحاد عباسیہ کے مرکزی نائب صدر روزی خان کنبھار نے حلف دیا اس موقع پر انجمن اتحاد عباسیہ کے صوبائی صدر ڈاکٹر لقمان حکیم کنبھار مرکزی نائب صدر روزی خان کنبھار ڈاکٹر محمد عمر کنبھار یار محمد کلہوڑو محمد عثمان کنبھار ڈاکٹر صاحب جان کنبھار و دیگر نے خطاب کرتے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ٹی این ایف جے کے زیر اہتمام ماہ ربیع الاول کے حوالے سے اجلاس کی صدارت ہادی عسکری کر رہے ہیں

ماشکیل سمیت ضلع واشک کے زمینداروں کو حقداری کی بنیاد پہ بلڈوزر گھنٹے فراہم کیے جائیں، میر احسان الٰہی ریکی

بدقسمتی سے ماشکیل کے حقدار زمینداروں کی حق تلفی ہو رہی ہے، سیاسی بندر بانٹ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، بیان

واشک (نامہ نگار) ممتاز نوجوان سیاسی رہنما میر احسان الٰہی ریکی نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ماشکیل سمیت ضلع واشک بنیادی طور پہ ایک زمینداری علاقہ ہے اور زمینداری کے ضمن حکومتی سطح پہ کسی قسم کا تعاون نہ ہونے کے برابر ہے ماسوائے بلڈوزر گھنٹوں کے مگر بدقسمتی سے سرکاری فنڈز کے بلڈوزر گھنٹے ہمیشہ سے ہی سیاسی بندر بانٹ پسند و ناپسند اور سیاسی رشوت بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

مہنگائی بے روزگاری سے غریب عوام خودکشی کرنے پر مجبور ہو گئے

پشین (آن لائن) مہنگائی بے روزگاری سے غریب عوام خودکشی کرنے پر مجبور ہو گئے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے ہر چیز کی قیمت خود بخود بڑھ جاتی ہے ان خیالات کا اظہار خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین تمغہ امتیاز نعمت اللہ ظہیر نے پشین میں مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کہ موجودہ حکومت نے عوام کو پریشانی مہنگائی بیروزگاری اور غربت کے سوا کچھ بھی نہیں دیا ہے مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی چیخیں نکال دی ایک طرف بے روزگاری ہے۔

لورالائی شہر میں بنیادی مسائل سے عوام دوچار ہے، اسفندیار کاکڑ

لورالائی (این این آئی) میونسپل کمیٹی لورالائی کے سبزہ زار پر لورالائی آل پارٹیز کے نمائندوں جن میں این ڈی ایم کے اسفندیار کاکڑ پشتون خواہ میپ کے داد خان علیزئی، وکیل احمد جان، پی پی پی کے رحمت اللہ کدیزئی، پی ٹی ایم کے قیوم ملازئی، مسلم لیگ (ن) کے نور محمد شاہ کبزئی، مسلم لیگ ق کے عمر خان ناصر جماعت اسلامی کے محمد سلیم ناصر زمیندار ایسوسی ایشن کے ملک عصمت کدیزئی، مرکزی انجمن تاجران کے صابر کدیزئی عثمان جلالزئی، گرین سوشل ارگنائزر کے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ایبٹ آباد، خاتون کے یہاں بیک وقت 7 بچوں کی پیدائش

خاتون کے ہاں پیدا ہونے والوں بچوں میں 4 لڑکے اور 3 لڑکیاں شامل ہیں، حکام

ایبٹ آباد (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ایبٹ آباد کے نجی ہسپتال میں ایک خاتون نے بیک وقت 7 بچوں کو جنم دیا ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق 34 سالہ خاتون کا تعلق ضلع بٹ گرام سے ہے، خاتون کے ہاں پیدا ہونے والوں بچوں میں 4 لڑکے اور 3 لڑکیاں شامل ہیں۔ ہسپتال ذرائع نے بتایا ہے کہ تمام بچے نارمل ہیں تاہم قبل از وقت پیدائش کے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ایگریکلچر انجینئرنگ ایمپلائز ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

حکومت نے عوام کی زندگیوں کو موت سے قبل موت میں دھکیل دیا، علی احمد لانگو

عوام ہر پل سسک اور تڑپ رہے ہیں مہنگائی کا جن بڑا ہوتا جا رہا ہے

عوام کی قوت خرید تو پہلے سے ختم کر دی گئی تھی اب عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان علی احمد لانگو نے جاری بیان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں شدید اضافے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے عوام کی زندگیوں کو موت سے قبل موت میں دھکیل دیا عوام ہر پل سسک اور تڑپ رہے ہیں مہنگائی کا جن بڑا ہوتا جا رہا ہے عوام کی قوت خرید تو پہلے سے ختم کر دی گئی تھی اب عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے۔ نیشنل پارٹی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافوں کو مکمل مسترد کرتی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد

ریلی میں سینکڑوں عاشقان رسول کی شرکت، موٹر سائیکل ریلی غوثیہ مسجد سے نکالی گئی

سبی (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام بختیار آباد میں جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد، ریلی میں سینکڑوں عاشقان رسول کی شرکت، موٹر سائیکل ریلی غوثیہ مسجد سے نکالی گئی جو کہ مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی دوبارہ غوثیہ مسجد پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی کے حوالے سے ایک موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ موٹر سائیکل ریلی تحریک منہاج القرآن بختیار آباد بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت کی کارکردگی صفر ہو چکی ہے، عوامی حلقوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

مستقل ایم ایس نہ ہونے سے ہسپتال کے انتظامی اور مالی امور شدید متاثر ہو رہے ہیں

بھاگ (این این آئی) محکمہ صحت کی کارکردگی صفر ہو چکی ہے تحصیل بھاگ کا واحد سول ہسپتال میں ایم ایس لیڈی ڈاکٹر کا عہدہ خالی عوام علاج معالجہ سے متاثر حکومت بلوچستان کی عدم توجہی کی وجہ سے ہسپتال میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا عہدہ خالی کئی ماہ سے خالی ہے مستقل ایم ایس نہ ہونے سے ہسپتال کے انتظامی اور مالی امور شدید متاثر ہو رہے ہیں حکومت کی سنگین غفلت کے باعث مریضوں کو علاج معالجے کی فراہمی تعطل سے دو چار ہے جبکہ لیڈی ڈاکٹر کی پوسٹ کافی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہفتے کی شام کو ہرنائی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، سہیل انور ہاشمی

اور سات اکتوبر کے زلزلے کے بعد آفٹر شاکس مسلسل آرہے ہیں

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا ہے کہ ہفتے کی شام کو ہرنائی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اور سات اکتوبر کے زلزلے کے بعد آفٹر شاکس مسلسل آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو الرٹ کر دیا گیا ہے اور کسی بھی قدرتی آفت اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے وہ مکمل طور پر تیار ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کی ہر ممکن مدد کیلئے دیگر ملکی و صوبائی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی سٹی ٹاؤن کے ایریا میں گزشتہ کئی دہائی سے قبضہ مافیا کی راج ہے، صادق عمرانی

ڈیرہ مراد جمالی سٹی کے اندر غریبوں کے گھر کی چھت کی تعمیر کرنے کی اجازت نہیں، سابق صوبائی وزیر

بابا کوٹ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی سٹی ٹاؤن کے ایریا میں گزشتہ کئی دہائی سے قبضہ مافیا کی راج ہے۔ غریبوں کے گھروں کی چھت تک تعمیر کرنے کی اجازت نہیں مگر قبضہ مافیا اور بڑے بڑے مگر مچھوں نے چار چار منزلہ عمارتیں بنا دی کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں اور تو اور اب سول ہسپتال کے اراضی پر قبضہ مافیا نے قبضہ جمالیا ڈیرہ مراد جمالی سٹی میں قبضہ مافیا کی بھرمار بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ضلع صحبت پور کی بڑی تحصیل مانجھی پور میں ادویات کا فقدان

مریضوں کو دوائی کے بجائے پرچیاں ہاتھوں میں تھمائی جاتی ہیں

مانجھی پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور کی بڑی تحصیل مانجھی پور میں ادویات کا فقدان مریضوں کو دوائی کے بجائے پرچیاں ہاتھوں میں تھمائی جاتی ہیں محکمہ صحت دعوے صرف کاغذی کارروائی تک محدود، ڈپٹی کمشنر صحبت پور سے عوامی سماجی حلقوں نے نوٹس لینے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق انگریز دور کی بنی ہوئی بی ایچ یو مانجھی پور علاج و معالجہ اور بنیادی سہولیات سے محروم مانجھی پور کی عوام کسی مسیحا کے منتظر۔ سندھ بلوچستان کے بارڈر پر بی ایچ یو مانجھی پور ہونے کی وجہ سے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

غیر مقامی ٹیچر کا گرلز ہائیر سیکنڈری سکول میں ٹرانسفر کرنا مقامی استانی کے ساتھ حق تلفی کے مترادف ہے

پرامن تعلیمی ماحول کو خراب کرنے کی تمام تر ذمہ داری محکمہ تعلیم کے افسران بالا پر ہوگی

جی ٹی اے ایسا کسی بھی صورت میں نہیں ہونے دے گی اور بھرپور احتجاج کرے گی، پیر غلام شاہ جیلانی

اوتھل (این این آئی) مقامی ٹیچر کی جگہ غیر مقامی ٹیچر کا گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل میں ٹرانسفر کرنا مقامی استانی کے ساتھ حق تلفی کے مترادف ہے اور جی ٹی اے ایسا کسی بھی صورت میں نہیں ہونے دے گی۔ اور بھرپور احتجاج کرے گی ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن تحصیل اوتھل کے صدر پیر غلام شاہ جیلانی، جنرل سیکرٹری احسان الحق بلوچ، آرگنائزر عطاء اللہ ہدم بروہ، امام بخش سیماب، عبد الستار دودا، امام بخش انگاریہ، عبد اللطیف خلیفہ بروہ اور دیگر تمام ممبران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز لسبیلہ میں اساتذہ کے ٹرانسفر اور پوسٹنگ سے اساتذہ ذہنی کوفت کا شکار ہیں اور تعلیمی ماحول بھی خراب ہوتا جا رہا ہے۔ اور تعلیمی افسران کی جانب سے کسی ٹیچر کو اپنی پسند کی بناء پر اسے نوازنے کے لیے کسی دوسرے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کی طرف سے حب میں رنگا رنگ ویمن فیسٹول کا انعقاد

ہزاروں خواتین و بچوں کی شرکت، خواتین کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

اوتھل (نامہ نگار) محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کی طرف سے حب میں رنگا رنگ ویمن فیسٹول کا انعقاد، ہزاروں خواتین و بچوں کی شرکت، خواتین کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے جام کمال خان کی خصوصی دلچسپی سے خواتین کی ترقی کے لیے مختلف منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں، نظیر بلیدی سیکرٹری محکمہ ترقی خواتین و دیگر مقررین کا فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے خطاب تفصیلات کے مطابق جام کمال خان وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی دلچسپی کی بناء پر لسبیلہ میں محکمہ ترقی خواتین نے دو روزہ ویمن ایکسپو کا انعقاد لیڈا ریسٹ ہاؤس میں کیا جس میں بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان چار اضلاع سے کورونا وائرس کے 8 کیس رپورٹ

صوبے میں کورونا وائرس کے 115 فعال مریض ہیں جن میں سے 7 ہائی اور دو لو آکسیجن فلو پر زیر علاج ہیں

رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس سے ہونے والی اموات کی تعداد 352 ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے چار اضلاع سے کورونا وائرس کے 8 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 32145 ہو گئی محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اتوار کو بلوچستان کے چار اضلاع کوئٹہ سے پانچ، پنجگور، موسیٰ خیل، مستونگ سے کورونا وائرس کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا صوبے میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی شرح 1.04 فیصد ریکارڈ کی گئی محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 7 افراد کورونا وائرس سے صحت یاب ہوئے جس کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31678 ہو گئی ہے جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے 115 فعال مریض ہیں جن میں سے 7 ہائی اور دو لو آکسیجن بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بیروت میں جو کچھ ہوا اسے دہرایا نہیں جائے گا، لبنانی وزیر دفاع

طیونہ میں جھگڑا اور تصادم کی وجہ سے دونوں اطراف سے فائرنگ ہوئی، انٹرویو

بیروت (این این آئی) لبنان کے وزیر دفاع موریس سلیم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ دارالحکومت بیروت کے علاقے طیونہ میں جو کچھ ہوا اسے دہرایا نہیں جائے گا۔ اس وقت طیونہ میں سیکیورٹی فورسز تعینات ہیں۔ وزیر دفاع نے لبنانی میڈیا کے ساتھ ایک انٹرویو میں اشارہ کیا کہ وزارت دفاع کو مظاہروں کے پرامن ہونے کی تصدیق پیشگی معلومات ملی تھیں لیکن یہ کہ طیونہ میں جھگڑا اور تصادم کی وجہ سے دونوں اطراف سے فائرنگ ہوئی۔ تشدد کا سلسلہ طیونہ سے شروع ہوا اور عین الرمانہ تک پھیل گیا۔ جہاں تک بندرگاہ دھماکوں کی تفتیش بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

خواتین کو ہنرمند بنا کر ہی ملکی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے، حکیم محمد عثمان

نائس ویلفیئر سوسائٹی کا ووکیشنل ٹریننگ پروگرام خوش آئند اقدام ہے، مسز زرتاشیہ عمر، سائرہ اقبال

لاہور (این این آئی) نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر انتظام ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے تحت ڈومیسٹک ٹیلرنگ، فیشن ڈیزائننگ اور بیوٹیشن کورس کے گیارہویں بیچ کی پاسنگ آؤٹ جلالدین لائبریری کمپلیکس میں منعقد تقریب ہوئی، تقریب کی صدارت جناب حکیم محمد عثمان بانی و چیف ایگزیکٹو مرحبا لیبارٹریز اور سرپرست اعلیٰ نائس ویلفیئر سوسائٹی نے کی جبکہ چیف گیسٹ مسز زرتاشیہ عمر، نائب صدر، ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، لاہور ڈویژن تھیں، گیسٹ آف آنرز میں معروف بیوٹیشن اور استاذ مسز خرم افشار اور مسز حمیدہ جاوید شامل تھیں، تقریب میں مسز سعیدہ خالد، مسز رومیسہ فیصل، مسز امینہ ثروت، بشریٰ اقبال اور ندیم حسن گوہر نے بھی خصوصی طور پر بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

پانی معاشرے کے تمام طبقات و افراد کی امانت ہے، خالق ہزارہ

زیر زمین پانی کے ذخائر میں روزانہ کی بنیاد پر کمی واقع ہو رہی ہے صارفین جتنے کم پانی سے زیادہ صفائی ستھرائی کا کام انجام دے سکتے ہیں

ہم امن، محبت، رواداری، اور بھائی چارے کے پرچار کے ذریعے شہر، صوبہ اور ملک میں امن، ترقی و خوشحالی کے خواہاں ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین و صوبائی وزیر کھیل و ثقافت نے پانی کو قدرت کا انمول تحفہ قرار دیتے ہوئے اس کے استعمال میں بڑی احتیاط کی ضرورت پر زور دیا ناصر آباد، علمدار روڈ کے ٹیوب ویل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ زیر زمین پانی کے ذخائر میں روزانہ کی بنیاد پر کمی واقع ہو رہی ہے صارفین جتنے کم پانی سے زیادہ صفائی ستھرائی کا کام انجام دے سکتے ہیں اتنا ہی وہ اپنے آنے والی نسلوں کے مستقبل کو محفوظ بنا سکتے ہیں ہمیں گھریلو استعمال کے دوران پانی کے ضیاع سے ہر ممکن کوشش کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ پانی معاشرے کے تمام طبقات و افراد کی امانت ہے اگر کوئی پانی کے غیر قانونی یا اضافی کنکشن لے کر اس کا غلط استعمال بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

اوتھل: رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی، رکن صوبائی اسمبلی شام لعل لاسی و دیگر فرید ولاری کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں

ضلع زیارت میں امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، عمر لیاقت رندھاوا

لیویز فورس اور پولیس فورس زیارت بازار میں اپنے پٹرولنگ اور گشت میں مزید اضافہ کریں

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عمر لیاقت رندھاوا کی زیر قیادت ضلع زیارت میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے لیویز فورس اور پولیس فورس کی فلیگ مارچ ریلی نکالی گئی ریلی میں ڈسٹرکٹ پولیس افسر محمد شعیب مسعود اور اسسٹنٹ کمشنر زاہد احمد لانگو نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر زیارت عمر لیاقت رندھاوا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع زیارت میں امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، لیویز فورس اور پولیس فورس زیارت بازار میں اپنے پٹرولنگ اور بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بھارت میں مسلمانوں کی نسل کشی مودی حکومت کا اصل ہدف ہے، شجاع الدین شیخ

کوئٹہ (این این آئی) امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ نے آسام میں مسلمانوں کی لاش کی حکومتی اہلکاروں کے ہاتھوں بے حرمتی کی وائرل ہونے والی ویڈیو پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں کی نسل بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

موجودہ دور میں مہنگائی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ بوخرہ یونین سٹی چمن کے نائب امیر حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ ایک طرف ملک بیرونی قرضوں کے بوجھ میں ڈوب رہا ہے آٹا چینی اور گھی جیسی روزمرہ کی معمولات زندگی میں استعمال ہونے والی اشیاء عوام کی دسترس سے باہر ہو رہی ہیں مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے مگر افسوس کہ حکمران جماعت خواب غفلت سے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

پی ایس ایف طاقت کا نام اور سوشلزم کی تحریک کا نام ہے، حاجی انور روانجھو

طلبا ملک اور قوم کا سرمایہ اور پیپلز پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں

اوتھل (نامہ نگار) پی ایس ایف طاقت کا نام اور سوشلزم کی تحریک کا نام ہے طلبا ملک اور قوم کا سرمایہ اور پیپلز پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں لسبیلہ میں پی ایس ایف کو مزید فعال اور منظم بنانے کیلئے طلبا جدوجہد کو تیز کریں پیپلز پارٹی بھرپور تعاون کرے گی ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی انور روانجھو ضلعی انفارمیشن سیکرٹری یوسف راہی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری مولا بخش خاشکیلی پی پی پی حب کے جنرل سیکرٹری محمد اسحاق زہری نے جمعرات بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما میاں افتخار حسین پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سوئی پولیس کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار ڈی آئی جی سبی رینج سبی سید فدا حسن شاہ اور ایس پی ڈیرہ بگٹی اسرار احمد عمرانی کی احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ سٹی سوئی محمد خالد بزدار نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سوئی شہر میں کارروائی کر کے مفرور ملزم زونگ ولد جان محمد قوم بگٹی سکنہ سوئی مقدمہ فرد نمبر 53 / 2021 بجرم زیر دفعہ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بلوچستان 6 ماہ کے دوران 27 خواتین غیرت کے نام پر قتل

ماہر نفسیات کا ماننا ہے کہ گھریلو تشدد کے وجوہات میں معاشی، معاشرتی اور نفسیاتی مسائل کارفرما ہیں

بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے لیکن معاشی اعتبار سے پسماندہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں 6 ماہ کے دوران 27 خواتین غیرت کے نام پر قتل کر دی گئی ہیں، رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے علاقے مسلم باغ سے تعلق رکھنے والی بی بی خدیجہ (فرضی نام) کی شادی 12 سال قبل ضیاء الدین سے ہوئی اب سے کچھ عرصہ قبل میاں بیوی کوئٹہ کے علاقے غوث آباد میں اپنی زندگی گزار رہے تھے۔ گھریلو ناچاقی اور شوہر کی جانب سے کیا جانے والے تشدد کے باعث بی بی خدیجہ (فرضی نام) 10 ماہ قبل اپنے شوہر سے طلاق لینے پر مجبور ہوئیں اب وہ اپنے رشتہ داروں کے ہمراہ مسلم باغ میں اپنے زندگی کا باقی حصہ گزار رہی ہیں۔ بی بی خدیجہ (فرضی نام) کے 6 بچے ہیں جن میں 4 بیٹیاں اور 2 بیٹے شامل ہیں جو اپنے والدہ کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ کچھ روز قبل خدیجہ جب علاج کی غرض بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ شہزادہ فرحت احمد زئی محکمہ تعلقات عامہ کے پبلک ریلیشنز آفیسرز کی کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیس ملازمین کو کوہلو سے باہر ٹرانسفر کرنا ناانصافی ہے، محراب بلوچ

کوہلو کے پولیس ملازمین دوسرے اضلاع میں تعینات ہیں وہ وہاں پر ذلیل و خوار ہو رہے ہیں

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر چیئرمین محراب بلوچ نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہلو پولیس ملازمین کو دوسرے ضلعوں میں تبادلہ کرنا انتہائی ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی پولیس ملازمین کے ساتھ اس طرح کے ناانصافی اور ٹرانسفر کو یکسر مسترد کرتی ہے نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر چیئرمین محراب بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ کوہلو ایک لاوارث ضلع ہے کوہلو کے پولیس ملازمین دوسرے اضلاع بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مقبولیت بڑھ رہی ہے، میر حیدر علی خان جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق چیئرمین میر عامر خان جمالی نے نئے شمولیت کرنے والوں کے اعزاز میں عشائیہ دیا اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق ایم پی اے میر حیدر علی خان جمالی، اتفاقی رہنما میر مظفر خان جمالی، علی مردان جمالی، شان ثاقب ابڑو، اسلم مستوئی، سید بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، گڈز ٹرانسپورٹرز

مہنگائی کے نہ رکنے والا سلسلے سے عوام بے بس اور مجبور ہو چکے ہیں

لاہور (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، عوام بے بس اور مجبور ہو چکے ہیں، پٹرول، بجلی، گھی سمیت اشیا خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جب سے تحریک انصاف کی حکومت برسر اقتدار آئی مہنگائی کا نہ رکنے والا سلسلہ جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں محمد اظہر قادری، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہر پندرہ دن بعد عوام پر پیٹرول بم گرا۔

ڈاکٹر محسن رضا ریٹائرڈ میریٹوریس پروفیسر شعبہ فزکس قضائے الہی سے انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) انتہائی افسوسناک خبر۔ پروفیسر ڈاکٹر محسن رضا ریٹائرڈ میریٹوریس پروفیسر شعبہ فزکس قضائے الہی سے انتقال کر گئے، ڈاکٹر صاحب نے بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

جادو ٹونہ حکومت مہنگائی کے جن قابو کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، سلیم رضا

بے رحم حکمران مہنگائی کی چکی میں پسے غریبوں پر بجلی گیس پٹرول بم گرا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) امیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ جادو ٹونہ حکومت مہنگائی کے جن کو قابو کرنے میں ناکام ہو چکی ہے بجلی کی قیمت میں 14 فیصد حالیہ اضافے کے بعد پٹرول کی مہنگائی کا بم گرانا بے رحم حکمران مہنگائی کی چکی میں پسے غریبوں پر بجلی گیس پٹرول بم گرا رہے ہیں جو قابل مذمت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پٹرولیم کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ جانے سے ملکی معیشت تباہ ہو چکی ہے لیکن حکومت پچھلے کئی ماہ سے مسلسل پٹرولیم کی قیمتیں بڑھا رہی ہے۔

پسنی: جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمن پسنی میں ماہی گیروں کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں